اور ... اور اوسکا چمڑا اور ذبح ہو گیا ہو تو اوسکا گوشت چمڑے بیچنا جائز ہے سو
آدمی اور خنزیر کے ۷ زید نے گوشت ۲ سیر مول لیا اور موضع قطع
معین نکیا تو بیع فاسد ہے مگر جبکہ قبل قطع تعیین ہو جائے تو صحیح ہوگی اور بعد قطع از سر نو

میں مضائقہ نہیں اور اگر شیرینی جا بجا ایک تھالی میں ہو خرید ہو مقام معین کرے یا نکرے بیع صحیح ہے اسلیے کہ شیرینی سب ایک قسم کی ہوتی ہے اور گوشت مثلاً بدن کا اگر کسی جانب سے قطع نہ معین کیا تو بیع باعتبار عرف صحیح ہوگی اسلیے کہ تھان کے دو کنارے ہوتے ہیں ایک نہایت عمدہ اور دوسرا اوس سے کم اور عرفاً اسی طرف سے کپڑا اوتارا جاتا ہے پس جانب قطع معلوم ہوئی مسئلہ ۵۳ زید نے تھان یا ایک ٹکڑا [illegible] اگر [illegible] حساب سے مول لیا اب کنارہ تھان کا با قیمت زید کو لینا چاہیے اسلیے کہ عرف یہی ہے کہ تھان کے کنارے کی قیمت نہیں ہوتی مگر جہاں کپڑا بکنے میں ایسا عرف نہو وہاں بائع کو نہ دینے اور قیمت زیادہ لینے کا اختیار ہے مسئلہ ۵۴ باپ اور بعد اوسکے دادا یا وہ شخص جو نابالغ کا ولی قرار دیا جاوے اوسکی طرف سے خرید و فروخت کر سکتا ہے جبکہ نابالغ کو حاجت ہو یا کھلا نفع ہو اور خود بھی یہ لوگ یتیم کا مال خرید سکتے ہیں جبکہ غبن فاحش نہو اور اپنا مال بھی یتیم کے لیے خرید سکتے ہیں جبکہ صغیر کی حاجت یا منفعت ہو البتہ اگر باپ بدچلن اور فاسق ہے تو بخوف اضرار و خیانت نہیں جائز ہے (عالمگیری) یتیم کے مال اور ذات کی نگرانی اور خیر خواہی اولیا پر لازم اور جملہ مسلمانوں کے لیے موجب حسنات ہے جب آدمی کسی یتیم کا ولی ہو تو نہایت احتیاط و انصاف و خدا ترسی سے معاملہ کرے اور اوسکا مال ناحق نہ خود کھاوے نہ ضائع ہونے دے مسئلہ ۵۵ جب کوئی چیز مثلی واجب الادا ہو تو قیمت دینا جائز نہیں مثلاً زید نے عمرو سے ایک [illegible] سو روپیہ کو یا بعوض دس من گیہوں کو خریدا یا گھی یا شکر یا غلہ اوسکا غصب کر لیا اب روپیہ یا گیہوں یا گھی یا شکر یا غلہ دینا چاہیے مگر جبکہ وہ شے معدوم ہو جاوے یعنی ملنا ممکن نہو تو قیمت پر فیصلہ ہو سکتا ہے مسئلہ ۵۶ زید نے ہندوستان میں ایک کتاب چار روپیے کو بیچی اور روم میں مشتری سے تصفیہ ہوا کہ چار روپیوں کی قیمت لیلو اب قیمت باعتبار مکان و زمان بیع واجب ہوگی پس اگر ہندوستان میں چار روپیے کا سو ماشے سونا اوسدن ملتا ہے تو وہی [illegible] ماشے لیگا نہ بیش و کم (شامی) مسئلہ ۵۷ زید نے مال بیچکر یہ شرط کی کہ اسکی قیمت کے روپیے کے عوض تمکو فلاں مال دیگا وہ مال معلوم ہو یا مجہول شرط فاسد ہے اگر داخل عقد ہے اور بعد ختم بیع قیمت قرار دادہ لازم ہوگی مسئلہ ۵۸ اگر دونوں نے تمسخر اور ہزل میں بیع کی منعقد نہوگی اور نکاح اور طلاق اور عتاق ہو جاویگا مسئلہ ۵۹ مدیون نے کوئی مال دائن کے پاس بھیجدیا کہ بقیمت بازار مجھ سے حساب کرلو اور قیمت دونوں کو معلوم ہو تو بیع جائز ہوگی ورنہ نہ (شامی) مسئلہ ۶۰ ہندی اور

تمسک اور شی اقرار اور برات سلطانی اور وہ چیزیں جیسا خصین کر دفتر میں مرقوم اور خزانہ سے وصول
ہوتی ہین انکا بیچنا جائز نہیں اسلیے کہ خود مال متقوم نہیں اور اصل روپیہ مقبوض ہے نہ مقدور
التسلیم اور وظائف وغیرہ میں اگر بیع حق آئندہ کی ہوئی یعنے اسقدر روپیہ چھوڑ دیا وآئندہ سے تم لیا کرنا
تو یہ حقوق ابھی خود موجود نہیں وقتاً فوقتاً حادث ہوتے جائینگے اور اگر کچھ روپیہ پایا ہوا بیچا تب بھی
بیع دین ہے اور بیع دین کو مدیون ہی کی بابت جائز ہو (شامی) ۶۱ زید نے بکر سے کچھ روپیہ لیکر بکر
متعلقیان وظائف کو سامنے پیش کیا اور سفارش کی کہ آئندہ سے یہ پایا کرے میں دست بردار ہوا
اور حاکم نے منظور کر لیا اسصورت میں زید نے جو کچھ بکر سے لیا وہ بطور وعدہ وغیرہ احسان ہے
نہ قیمت بخلاف اسکے کہ زید نے عمر کے ہاتھ ایک شی بیچی اور کہا کہ مبیع بکر کے پاس ہے تم اوس سے
لیلو اور بکر نے دیا اور عمرو نے اوس سے لینا منظور کر لیا تو یہ بیع صحیح ہوئی مگر اصل ذمہ داری
زید پر ہے کیونکہ یہان حق یعنے مبیع موجود و ثابت ہے اور وظائف میں مفقود اور حادث ۶۲
زید نے ہزار کا مال بدین طور خریدا کہ فی ماہ دو سو روپیہ کا لینگے اگر کل مال موجود ہے اور شرط اقساط
صلب عقد میں داخل نہیں تو سب مال بک گیا اور شرط کا اثر بیع کی حیثیت سے کچھ نہ پڑیگا اور
اگر مال موجود نہیں تو یہ وعدۂ بیع ہے البتہ یہ شرط کہ بایع ضرورتاً قرض دیگا وعدہ محض ہے اور یہ
وعدہ کہ اسیقدر روپیہ مشتری کا پیشگی رہیگا بحیثیت بیعانہ صحیح ہے ۶۳ وہ معاملات جنکو جو
اور عدم جواز دونو کی تاویل ہو سکتی ہے اور کسی طرف نص صریح نہ نکلے اور فساد کا خوف نہو لیکن
اگر ابتلائے عام اور ضرورت شدید ہے تو جواز کی تاویل اولی ہے اسلیے کہ اسصورت میں عموماً مسلمان معصیت
سے بچینگے اور فعل اونکی اتباع شرع سے متبرک ہو جائینگے اور خلاف شرع امور کا رواج دنیا سے
اوٹھ جائیگا اور ممانعت مقام اشتباہ میں اگرچہ احوط ہے مگر حرج اور معاملات کا انسداد اور عموماً
فسق کا وقوع اوس سے بھی زیادہ مناسب ہے پس ہماری اسی نوٹ میں اگرچہ ضرورت ہے مگر نص صریح
دال ہے اور منافع رہن کی اجازت میں سود خواری کا انسداد اور اشاعت فساد ہے لہذا انکی
اجازت نہیں ہو سکتی اور جواز ہنڈی و اجارۂ اشجار و معاملات متعلقہ شروط معلقہ وغیرہ کی نہ
نص مخالف ہے نہ کوئی فساد بلکہ ترک انکا مشکل اور معاملات میں مخل اور موجب تفسیق عام
ہے لہذا تاویل جواز بہتر ہے اور صاحب منتخب مختار الافتاء نے اسکی تصریح کر دی ہے کہ معاملات

وانہ حقوق اور وظائف کا بیچنا ۶۲ شرط خریداقساط وعدہ وفات ۶۳ معاملات مختلف فیہ میں تاویل جواز اولی ہے

میں حکم جواز مختار و اولی ہو ممانعت سے واضح رہی کہ فی الحال تاجر دو تین قسم قسم کے معاملات ہوا
کرتے ہیں جنکی وجہ سے تجارت اور منفعت کی کثرت اور ہر قسم کی آسانی ہو وسعت حاصل ہے مثلاً
۱ اس مال کی قیمت نقد نہ دیجائیگی بلکہ کوئی مال برضاء جانبین لیا جائیگا (قیمت و قسم مال معلوم
ہو یا نہو) یا کوئی کام اسکی عوض کرالینگے ۲ ہمسے قیمت بنرخ بازار لیلیا کرو ہر بار گفتگو کی حاجت نہیں
۳ مدت ادای ثمن بیان نکی اور نہ قرائن و عادت سے معلوم ہے ۴ بیچک پر قبل قبض مال بعد الاشتہ
مال کا مبادلہ مال سے ہو نو فریا بیان کافی ہے ہوا ایک یا دونو مال موجود و تیار نہ تھی ۵ زید زبر سے بذریعہ
فہرست ایسا مال منگایا جسکا نمونہ یا نشان کارخانہ و تمیز و تعیین قیمت نہیں ہے مگر وہ مال بدون تفاوت
حسنا عاں و بحیرہ مساوی قیمت پر لگاکر تا تھا کرنے روانہ کردیا ۶ فلاں قسم کا مال ہمکو کہیں سے منگا
جسقدر ہوگا ہم خرید لینگے ۷ اگر تم خرید و تو ہم منگا دیں یا تیار کرا دیں ۸ یہ مال نہ بیچو ہم اس قیمت پر
خرید لینگے یا اسقدر مال ماہانہ خرید اکرینگے ۹ ہمنے اسقدر مال بیچا تین مہینے میں ادا کرینگے ۱۰ یہ مال اس
قیمت سے لو یا فلاں وقت سے پہلے آیا ہمارے مال بک جانیتک کسی اور کو ہاتھ نہ بیچنا کیونکہ اسمین
ہمارا نقصان ہے ۱۱ اگر ہمسے قیمت زیادہ لوگے یا اسکی قیمت کم کروگے تو ہم تمسے نقصان لینگے غرضکہ یہ
سب معاملات من حیث بیع ناجائز ہیں اسلیے کہ اول میں تسلیم ثمن عقد ثانی پر موقوف ہے اور دوسرے
میں ثمن مجہول اور تیسرے میں مدت ادا غیر معین اور چوتھے میں تصرف قبل قبض اور پانچویں میں بیع
کی بدین اور چھٹی میں مبیع یا ثمن غیر معین اور ساتویں میں بیع غیر مقدور ہے آٹھویں میں
بیع غیر مقدور التسلیم ہے اور نویں میں خرید کا وعدہ ہے اور دسویں میں بیع سے محل ہے
گیارہویں بارہویں میں الزام ضرر ہے کیونکہ بائع اپنی مال کے بیچنے میں بعض امور کا پابند ہوتا ہے
ملکی ملکیت ناقص آتی ہے مگر جبکہ یہ معاملات صلب عقد میں داخل نکیے جائیں اور کوئی
فساد شرعی نہو جیسا کہ شکل ۲ و ۳ میں تو اگر اونمیں محض جہالت ہو جیسے شکل اولمیں یا ثمان
الزام ضرر ہے جیسا کہ شکل ۱۱ و ۱۲ میں تو وعدہ ہے اور وفا کرنا عند اللہ واجب ہے ورنہ شروط
ملحقہ سے ہے اور قضاءً لازم الضرر یزال والمسلمون عند شروطهم کیسیئے یہ معاہدہ سمجھے تو
دری کرے یا نکرے کوئی الزام من حیث بیع نہوگا **تبرعات** لینے بلا معاوضہ
سانا کسیکو کچھ دینا اسکی دو قسمیں ہیں اول محض احسان و مروت جیسے ہدیہ ہبہ دعوت عاریت

اور صدقہ بہشت میں باعتبار نیت و عمل کے ثواب ہے اور لینا دینا اسکا عموماً جائز ہے مسلم ہو یا کافر فقیر
ہو یا غنی … زکوٰۃ - قربانی - فطرہ - نفقات واجبہ - نذر
کفارہ … غنی کو انکا لینا نہ چاہیے اور جبتک حالت اضطرار نہو سوال
کرنا حرام ہے اسکی احکام مختصر بیان کرتا ہوں ہبہ جسکو اپنا مال ہمیشہ کو لیے بلا عوض دنیا میں
قبول شرط ہے اور جبتک قبضہ نہ پاوے مالک نہیں ہوتا واہب کو ایسی ہبہ کا اختیار ہے مگر جبکہ فوت
ہو جاوے … مال ہلاک یا زیادہ ہو گیا جیسے مکان گر گیا یا خام بچہ منوا لیا گیا جس جامہ
موہوب لہ کا ضرر رہا … مناسب وقت تک توقف لازم ہو گا مثلاً زید نے عمر کو ایک
… اور … اگر عمر نے کشتی پر مال لادا اگر … کسی مجمع یا بازار میں گیا …
… میں … کشتی … یا عمر بازار سے گھر میں واپس نہ آئے یا …
… ہبہ کا دیا گیا ہو تو وہ ہبہ بالعوض کہلائیگا اور بعد … ایک
… زید نے بکر سے شرط کی کہ تو میرا فلاں کام کر دے یا اپنی کسی حق سے …
… مکان ہبہ کردوں اگر بکر نے شرط پوری کی تو زید پر ہبہ لازم اور واپسی
… ہبہ کا پھیر لینا جائز اور مکروہ ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے العائد
فی ہبتہ کالکلب … موہوب کا خریدنا مکروہ ہے مگر جبکہ کمال … اتحاد کی وجہ
… ہبہ … بغرض حاجت روائی و اعانت موہوب لہ بنرخ مناسب
… اقارب و احباب میں جنمیں کمال ربط کی وجہ
… اور ایک دوسرے کا مال بے تکلف مستعمل کیا کرتا ہو … سوال ممنوع ہے
موہوبہ کا استعمال … انبساط کا نتیجہ اور موجب ازدیاد محبت
اور آنحضرت نے اکثر … کھانا وغیرہ طلب فرمایا ہے البتہ جبکہ ایسی لفظ بولے جائیں جو
سوال یا ہبہ … دلالت کرتے ہوں تو انپر … حکم دیا جائیگا صدقہ واپس نہیں ہو سکتا
حدیث میں وارد ہے کہ خرچ کرنا اپنے نفس اور عیال اور ازواج پر بھی صدقہ ہے اور موجب اجر عظیم
غنی کو صدقہ لینا جائز نہیں … سوال … محتاج کسب پر قادر ہو یا جسکو پاس ایکدن کی قوت موجود ہو
اسے سوال حلال نہیں اور سائل جو کچھ مانگ کر جمع کرے وہ مال خبیث ہے دعا مانگے

۲ عاریت اپنا مال ہر چند دیں سکتے لیکن کسی کو اباحت کر دینا کہ وہ نفع حاصل کرے پس یہ اجازت
اگر معین و موقت ہو تو شرط سے زیادہ تصرف نکرے ورنہ عند اللہ ماخوذ اور در صورت کسی نقصان کے
ضامن ہوگا اور تعین اور موقت نہون تو جبتک مالک طلب نکرے استعمال جائز ہے اور دوسرے کو
بھی مستعار دیں سکتا ہے اگر وہ شے اختلاف استعمال سے خراب نہو مالک کو ہر وقت اختیار ہے کہ اپنا مال
واپس لے اگر موقت میں قبل وقت وعدہ خلافی ہو آن جبکہ وہ ایسی ضررتون مین ہو جنکا ذکر یہ
ہین کہ اگر زمین بغرض زراعت لی تھی اور کھیت ابھی تیار نہین تو عمال یا زمین باجرت مثل
وقت واجبت تک مستعیر کے پاس رہیگی مسئلہ زمین موہوب پر باغ لگایا یا مکان بنایا تو اگر زمین
موقت تھی اور مالک نے قبل وقت واپس طلب کی یا کوئی مدت معین نتھی ان صورتون مین مالک زمین
کو معہ باغ یا مکان کے لے لے اور مستعیر کو قیمت ادا کرے اسلیئے کہ اسنے اوسکو مغالطہ دیا مگر یہ کہ مستعیر اپنا
عملہ کھود لینے یا باغ کاٹ لینے پر راضی ہو اور زمین کا کچھ نقصان نہو اور اگر بعد مدت طلب کی تو
ضرور ہے کہ مستعیر اپنا عملہ لیجائے اگر زمین کا نقصان نہو ورنہ قیمت کٹی ہوئی درختون اور کندی ہوئے
عملہ کی ملیگی اسلیئے کہ مالک پر کچھ الزام نہین ہے (یہ سب ہدایہ سے ماخوذ ہے) جن چیزونسے بدون
ہلاک عین نفع نہین مل سکتا جیسے روپیہ پیسا غلے انکی عاریت نہین وصیت مین شرط ہے کہ
۱ موصی حربی نہو ۲ وارث نہو ۳ تہائی مال سے زیادہ وصیت نکی ہو تو بعد موت موصی بعد
تکفین و ادائے دین واجب الادا ہے اگر وصیت تہائی مال سے زیادہ کے اور وارث راضی
ہوگئے یا اور کوئی وارث نہین تو بیشک بقدر وصیت ملیگا ورنہ وہی تہائی ملیگی احکام سکہ جات
سکہ ایسا حکم نافذ ہے جسکو ذریعے سے سکوک ایک قیمت معین پر مروج ہوتا ہے پس اگر سکہ کا ثمن
اصلی یعنی چاندی سونا ہے تو اس شے کے جائز ہونے مین کچھ کلام نہین اور اگر ثمن حکمی یعنی صرف
سکہ کے وجہ سے باصطلاح عام یا بحکم سلطان ثمن قرار پایا ہے تو اوسکی دو قسمین ہین اول
مال متقومہ جیسے فلوس وغیرہ وغیرہ کہ اگر وہ ثمن نرہین تب بھی قیمت انکی قیمت رہے جو
قریب ہے دوم اموال مبتذلہ جو بنفسہ کوئی مال نہین اور جب رواج نرہے تو بنسبت ثمن بالکل
منعدم ہو جاتین جیسے شامی نوٹ پس سکہ اول یعنی فلوس وغیرہ ثمن صحیح ہین اور جملہ احکام
ثمن اصلی انپر مرتب ہونگے مگر اسلئے تقابض البدلین قبل الافتراق شرط نہوگا (عالمگیری) ۲۳

اگر اسنے کہ خریدا اور مبیع پر قبضہ پانیسے پہلے رواج جاتا رہا تو بیع فسخ ہوگی ۔ کسی عوض میں ایسے ہی
واجب ہون اور رواج نرہے تو مفتی ابو یوسف کے نزدیک قیمت یوم قبض اور امام محمد کے نزدیک
قیمت آخر یوم رواج جائز ہوگی (قاضیخان) اور اسی پر فتویٰ ہے (خزانہ) اور امام کے نزدیک
البیع باطل ہو جائیگی (ہدایہ) ہان کچھ نرخ گھٹ جائے تو گذشتہ معاملات میں فرق نہ آئیگا (قاعدہ)
ایک پیسہ سے دو یا تین پیسہ نقداً بطور تعین خریدنا جائز ہے (عالمگیری) کیونکہ پیسا یک مین وہ
لحاظ نہیں رہتا اب یہ معدود ہو گئے اور علت ربوا سے صرف جنست باقی رہے پس تفاضل
حلال ہوا بخلاف اثمان اصلی کے کہ انمین سکہ کیفیت سے کوئی اثر نہیں ہوتا اور صحیح یہ ہے کہ ہند
مین پیسونکا دو طرح پر حساب ہوتا ہے گنڈون یا ٹکون یا پیسونکے اعتبار سے مثلاً ایک پیسہ چار ٹکے
یا دو گنڈے یا آٹھ پیسے کے انمین باہم خرید و فروخت مین بیشی کمی جائز ہے اور اختیار ہے کہ روپیہ
کے مقابلہ مین قرضاً یا نقداً جسطرح چاہیے ۔ آنے آدھ آنے یا پاؤ آنے کے اعتبار سے مثلاً ایک
ایک آنہ یا پائی سے بیشی کمی جائز نہیں اسلیے کہ یہ حقیقت مین روپیہ کے جزہین پیسونکا نہ
ارزان ہو یا گران مگر روپیہ کے سولہ آنے ہمیشہ رہتے ہین اسلیے آنے کی کوئی تعداد معین نہین کبھی دو
کبھی تین کبھی چار کبھی پانچ کبھی چھ پیسونکا آنہ ہوتا ہے اور اسلیے دو آنی چونی اٹھنی کہتے ہیں
نصف و ربع روپیہ نہیں کہتے پس جب آنہ بمقابلہ دو آنہ یا ۱ بمقابلہ ۲ بیچا تو گویا پندرہ جز
بمقابلہ سترہ جز بیچے گئے اور یہ قرض مین بیشک ممتنع ہے مگر نقدین بوجہ بنونے جنسیت حقیقی کے منع
نہیں آنے روپیہ اوسکی جز کیطرف منسوب ہین نہ پیسون اور اشرفیونکی طرف اور جب وزن معقود
نہو اور نقد معاملہ کیا جاوے تو یہ سکے اپنی جنس سے متفاضلاً بھی بک سکتے ہین جیسے فلوس سے فلوس
مسی خریدنا اسلیے کہ اب فلوس عددی ہو گئے وزنی نہیں رہے انکی قیمت باعتبار عدد اور ظرف کی
قیمت باعتبار وزن ہوگی لہذا افضل حلال ہے مسئلہ زید نے صراف کو ایک روپیہ دیا اور کہا کہ ہم
گنڈون یا ٹکی یا ۔ پیسے لینگے یہ معاملہ جائز ہے اوسوقت لے یا دوسرے وقت مسئلہ زید نے
صراف سے روپیہ کی ۷ آنے یا ۱۵ آنے لینے کا اقرار کیا تو یہ معاملہ نقدین صحیح ہے اور قرض مین فاسد
تو اصح یہ ہے کہ بحکم سرکار رواج حال ڈبل پیسے پیسہ یا آنے کے حکم مین داخل ہین اسلیے کہ وہ ہمیشہ یا
آنے کو کمتی بیشی کی اونکی حسب حکم سرکار ممنوع اور جرم ہے ہان اگر یہ قید اوٹھ جاوے تو اونکا حکم

بجز فلوس کا ہوجائیگا سکہ قسم دوم یعنے اسوال مبتذلہ بیشک سکیات ناجائز ہے ہین کیونکہ ہو
تا ہی کہ کسی مستحق کو ایسی چیز دیجائے جس سے بدون لزوم شر و طرز ائدہ و سفر کے وہ اپنا حق نہ پا سکے
ان سکونسے نفع کھینچنے کیلیے ضرور ہے کہ یا اوس قلمرو سے سفر نکرے سے فوراً صرف کرڈالے ورنہ انقلاب
سلطنت یا منسوخی حکم کا خوف ہی تیس ایسے سکونکا ایجاد اور وضع کرنا سلطان وقت کو ماخوذ کریگا
بہ بعد تحکم رعایا کی حق مین ضرور ناجائز ہے لیکن سوائے اوس شخص کی جسنے اوسے وضع کیا یا جس سے
دیا یا ہے اور کسیکو تحمل دینا اور بصورت انکار بحکم رواج مجبور کرنا یا بیت المال اسلامی یا اموال یتیم وقف
دیگر امور حسنہ کی اجرا و اعانت یا کسی مستحق کی حق مین ایکے لیے جمع کرنا بخوف ظن اضاعت ناجائز ہے
مرتکب ضامن اور نوٹ وغیرہ مین زکوۃ چاندی کی واجب ہو اور تقابض بدلین ساقط اور جس
صورت مین ایسی ناجائز سکے بعینہ واجب الادا ہون اور رواج نرہے قیمت دینا پڑیگی جیسے زید ذالکہ
نے قرض لیا یا کسی معاوضہ یا اجرت مین اسپر عائد ہوا یا اسکے پاس رہن یا امانت رکھی گئی اور
ضائع کردی یا ادائے امانت یا رہن مین تاخیر کی یا ضامن ہوا اور رواج جاتا رہا اب قیمت اوسکو
بالکل ادا دینی ہوگی نہ وہی شے بعینہ کیونکہ اگر وہی کاغذ جو ایک وقت مین ہزار کا مقابل ٹھہرایا جاتا
مستحق بالکل محروم رہیگا اور مدیون پر نفس الامر مین ہزار واجب تہے اور رواج رہتا تو مدیون کو
اور نوٹ کسی مین عذر ہوتا نہ نفع نہ نقصان تہا اب بہی اوسکا نقصان نہین ہے اسلیے کہ
مدیوان سکونمین صرف ثمنیت اصطلاحی ہے اور اسی لیے مستحق اونکے لینے مین عذر نہین کرتا پس
جب رواج جاتا رہا اور انسکو ثمنیت مرتفع ہوگئی ثمنیت بہی نرہی اب اگرچہ صورتاً باقی ہین مگر حقیقۃ
ضائع اور ہلاک ہوگئی پس کوئی مستحق کبہی مال بیکار شدہ نہین لیتا جیسے میوہ یا جانور جو سڑ یا مرجائے
مال استرداد نہین رہتا ہان اگر یہ سکے بطور ذمہ داری نہون جیسے امانت یا مال میراث یا ودیعت
ہون وغیرہ تو وہی سکے بعینہ دیجائینگے مسئلہ مستحق کے حکم یا رضا سے کہین جمع کردئے یا روانہ کئے
نے قبضہ سے خارج کردئے اور قبل از وصول رواج جاتا رہا تو مدیون ذمہ دار نہین بخلاف قسم اول کہ
بعض رواج اور سکہ ہی سے مقصود نہین بلکہ اصل مین مالیت ہو اور ثمنیت عارضی اور جسطرح اثمان
سے حصول اسوال ہین مال سے بہی مال اور ثمن ملسکتا ہو اب اونکی غیر مروج ہونے مین ایسا نقصان
نہین آسکتا کہ بالکل معدوم سمجھے جائین بلکہ بوجہ مخالفت جنس بیشی و کمی کی تمیز مشکل ہے اور سکیات

سلہ جیسے دار حق یوار الشفا و مساجد وغیرہ ۱۲ منہ سلہ ہان جب بدون اس صورت کی حفاظت مشکل ہو یا کوئی بڑا نفع ہو تو مضائقہ نہین ۱۲ سلہ زکوۃ اسلیے کہ یہ جنس روپیہ مین فنا ہو ۱۲ سلہ تقابض اسلیے کہ وہ حکم خاص ہے چاندی اور سونے کی اور وہ نہیں

ناجائز ہے کہ خریدا ہو جسکو چاندی یا سونا مثلاً تو بیع قبضہ میں آیا ہو یا نہ بیع باقی اور قیمت سکہ واجب الادا
ہوگی بخلاف فلوس یا نوٹ وغیرہ کے کیونکہ وہ حقیقۃً مقابل مبیع کے ہیں اور نوٹ وغیرہ باعتبار اپنی
قیمت کے ثمن قرار پاتے ہیں **کاغذات زر اول** وہ نوٹ ہیں جو تمام ملک فرنگ میں روپیہ کی
طرح ایک معین قیمت پر چلتی ہیں اور نہ لینے والا مجبور کیا جاتا ہے یہ مسئلہ ناجائز ہے اور نوٹ
کی ثمنیت سے ملحق بالک او سمین فنا ہے پس بیشی و کمی اوسکی روپیہ سے جائز نہیں اور اشرفی سے
جائز ہے کیونکہ اثمان حکمی بالعرض کسی اصلی ثمن کی فرع ہوتی ہیں اور نوٹ روپیہ کے نام سے وضع کیا
گیا ہے اور حقیقت اسکی روپیہ کے اعتبار سے معین ہے اور اشرفی کا مستحق لینے پر مجبور نہیں ہو سکتا
جب ایک شہر کے نوٹ پر دوسرے شہر میں بٹا پڑے پس اگر بٹہ معین ہے تو بعد منہائی بٹہ وہی
قیمت اصل سمجھی جائیگی اور اگر بٹہ معین نہیں بلکہ بائع و مشتری کی رائے پر ہے تو یہ مثل تمسک کے
ہے حکم اسکا اسی صفحہ میں مذکور ہوگا دوم وہ نوٹ جو ایسے نہیں اور اون کے چار قسمیں ہیں
سوم وثیقے یا نوٹ امانتی ان دونوں قسموں میں بہت تھوڑا فرق ہے انکے بیچنے رہن رکھنے ہبہ کرنے کی
سرکار سے ممانعت ہے اسلیے کہ اصل روپیہ دینے والے کی یہ غرض ہوتی ہے کہ سود اسکا اسکی اولاد کو
نسلاً بعد نسل ملے اور کسی قسم کا انتقال اختیاری و اضطراری اوسکا نہیں ہو چہارم نوٹ سودی جنکا سود نکا
سے ملتا ہے اور قیمت کم زیادہ ہوا کرتی ہے اور بدون رجسٹری سرکار بک نہیں سکتا پنجم نوٹ قسم اول
جبکہ اونکا رواج نہ ہے یہ چاروں نوٹ مثل تمسک کی ہیں انکا بیچنا ہبہ کرنا رہن رکھنا ممنوع ہے
اگر بیچے گئے ہوں خریدا اور قیمت میں بیشی و کمی ہو ہاں بائع بیچ کچھ بیشی عفو کردے تو مضائقہ نہیں اگر
جسقدر روپیہ بطور سود وصول کیا گیا ہے وہ اصل روپیہ میں محسوب کرنا لازم ہے اور زیادہ لینا حرام
اگر مدیون لینے سے انکار کرے تو مالک زر سود اصل میں شمار کرتا جاوے جب پورا ملجاوے پھر نکلے اور ...
بدیون سود کے نام سے دیتا ہے لینے والے کو مضر نہیں مسئلہ زید نے میراث میں عمرو کیطرف سے اسکے
نام نوٹ سودی پایا اب زید کو انکے زر روپیہ کا ملنا جائز ہے اسلیے کہ عمرو پہلے جو روپیہ بطور سود لیا
نہ وہ عمرو کے ملک میں آیا نہ اصل روپیہ میں محسوب ہوا مسئلہ جو روپیہ سودی نوٹ میں لیا دیا جاتا
ہے وہ سود ہے اور اصل روپیہ نہیں مگر یہ کہ لینے والا یا دینے والا اصل روپیہ کی نیت کرلے اور دوسرا اسے
مجبور کرے تو یہ نیت معتبر ہو دیانتاً معتبر ہے مسئلہ ہر قسم کی نوٹوں پر زکات واجب ہے مگر سودی نوٹوں میں جو

ور سو روپیہ او میں زکوۃ نہیں بلکہ اصل بالمدین ہے جب یہ نوٹ الیہ مقام پر جائیں جہان ہو واقع
ن تو بھی تمسک کی طرح فروخت نہیں ہو سکتے ہاں اگر اصل مدیون یا اوسکا گماشتہ خرید سکے تو مضائقہ
ن مگر زیادہ لینا منع ہے اور کمی بطور استقاط قرض جائز ہے نہ بطور بیع درمختار و شامی وغیرہ
سلجات کا یہی قیاس ہے اگرچہ کاغذ کے نوٹ ہیں مگر حقیقت میں ایک تمسک یا معاہدہ ہو جو تانبے
ی اور چیز پر کندہ کیا گیا ہے مسئلہ زید نے سو روپیہ کا نوٹ چار اشرفی کو جو ۶۰ روپیہ کی ہوتی ہیں
ایہ معاملہ نقد اجائز ہی اور قرضا فاسد اور اگر یہ نوٹ ۱۰۰ یا ۱۰۱ روپیہ کو خریدا تو قرض اور نقد دونوں
ز نہیں مسئلہ زید نے دس روپیہ کا نوٹ ۱۰ یا ۹ روپیہ آٹھ آنے کو نقد بیچا جائز ہے اور قرض بیچا تو جائز نہیں اور
روں یا ٹکٹوں یا پیسوں کو جسطرح چاہے بیچے جائز ہے مسئلہ زید نے ہزار روپیہ کے نوٹ خریدے
روپیہ یا نوٹ فی الفور دینا شرط نہیں ہاں قیمت مساوی ہو اسٹامپ اسکی دو قسمیں
ے اجرتی جیسے ریل یا ڈاک کی ٹکٹ یہ ایک رسید ہو جسکا روپیہ ایک جائز اجرت میں لیا گیا بیع و شرا
طرح جائز ہو اسلیے کہ حقیقتہً اجارہ ہو اور صورتاً بیع اور یہ عروض میں ہیں ثمن نہیں پس انہیں
ت بدون نیت تجارت کے جائز نہیں بخلاف نوٹ کے پس جب کوئی مانع قوی پیش آئے یا ٹکٹ
ر حصول منافع معینہ بیکار ہو جائیں تو بیع انکی صرف محکمہ ریل و ڈاک میں جائز ہوگی اسلیے کہ
فی الحقیقت فسخ اجارہ ہو سوا اوس شخص کے جسنے زر اجرت لیا ہو دوسرے متوسطین اوسکو
ز نہیں ہو سکتی اور یہ شرط کہ اگر اتنے مدت میں نفع حاصل نکیا جاے تو کچھ حق نرہیگا اگر بصراحت بیا
ن تو صحیح ہو ورنہ لغو ہوگی کیونکہ حق انتفاع قطعی اور منصوص ہے اور شرطا اسقاط صرف
البتہ وہ لوگ جو ایسی قوانین سے خوب واقف ہیں پابند ہونگے کیونکہ سواے شریعت اسلامیہ
حکام کے قوانین عام اور قوی النفاذ نہیں مگر زیادہ نفع اوٹھانا انسے حرام ہے جیسے ٹکٹ
کے ذریعہ سے دوبارہ سوار ہونا یا کسی فریب سے حد معینہ سے آگے نکل جانا یا اعلی درجہ میں بیٹھ
یا بوجہ اجازت سے زیادہ ہمراہ لیجانا یا ٹکٹ کسی فریب سے مکرر استعمال کرنا یا وہ چیز جسکو ممانعت
کی قانونی ہے بھیجنا یا جسکا محصول گراں ہے اوسکو کم محصول والی چیز میں مخفی کر دینا
ثابت نکر دیا جاے کہ ان ٹکٹوں سے ہرگز نفع نہیں اوٹھایا گیا اور یہ کہ اب بحسب قوانین
واجب الرد ہیں اوس وقت تک تردید قیمت لازم نہیں ہے دوم اسٹامپ غیر سود

حکام جبکہ کوئی معتبر معاوضہ نہین دیا جاتا بیع انکی بضرورت و مجبوری جائز ہے نہ تجارۃً اور
حقیقت مین یہ مال بھی نہین مسئلہ مختار الاختیار مین بعض کا قول یہی نقل کیا ہے کہ اگر مدعاعلیہ
سرکشی و شرارت سے دار القضا مین حاضر نہین ہوتا یا دین جو اوسکے ذمہ ثابت ہوا ادا نہین کرتا تو
قاضی پیادہ نوتسوکار بردار ی کرائے اور خرچ اوس سرکشی سے لو اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ مدعی
کو خرچہ پیادہ مدعاعلیہ سے لینا جائز ہے اگرچہ حکام کی نسبت جواز شرعی ثابت نہو مگر جبکہ
دعوی ایسی ظاہر بنا پر ہو جس سے مدعی کے صدق اور مدعاعلیہ کے ظلم پر ظن غالب ہو جائے جیسے
تمسک جسٹری شدہ یا مدعاعلیہ کی طرف تقریر وغیرہ سے ثبت مدعاعلیہ نے بدون کسی معقول عذر کے
ادای حق سے انکار کیا ہو اسوقت تمرد و شرارت مدعاعلیہ کے معلوم ہو جائیگی کیونکہ وہ یقین کر سکتا
کہ ایسے صورت مین مدعی ضرور اپنا حق بذریعہ حکام وصول کریگا اور حسب قانون سرکار اوسے اسقدر
خرچ کا بوجھ متحمل ہونا پڑیگا پس یہ خود باعث نقصان ہوا اسکے نظائر مسائل غرور وغیرہ سے نکل سکتے
ہین لیکن وہی مصارف لینا جائز ہے جنپر بنای دعوی موقوف ہو نہ مصارف زائد جیسے بعض نقول
وغیرہ جو صرف تائید و کلا یا استنباط دلائل کے لیے ہوتے ہین اور احتراز اس سے محتاط ہو واللہ اعلم
ہنڈی و منی آرڈر ہنڈی ایک سند ہو کہ تاجر کسی شخص سے روپیہ لیکر لکھدے کہ یہ روپیہ فلان
تاریخ فلان شہر مین فلان شخص کو بمعائنہ اس سند کے اتنی اجرت پر دیا جائیگا اور منی آرڈر کا بھی یہی
منشا ہو مگر یہ حکام کیطرف سے ہوتا ہو انکی جواز اور امتناع مین بہت تاویلین ہین اور اقوال مختلف
اکابر سے اسمین کوئی روایت نہین اسلیے کہ کراہت سفتجہ کی کتب فقہ مین منقول ہے اور ہنڈی
دوسری شے ہے پس قیاس ہنڈی کا سفتجہ پر صحیح نہین ہو سکتا پس ضرور ہو کہ بنظر وسعت معاملات
و کثرت منافع و حفظ اموال و امن و راحت تمام و ابتلاے عام تاویلات جواز پر زیادہ توجہ
کیجائے کیونکہ شبہ کے بین قرینہ اور مساوی مین وجہ ترجیح ضرور ہے اور قرینہ جواز معاملہ اہل اسلام ہے
اور ترجیح امن و راحت عام ہے کیا ضرور ہے کہ امانت یا بیع قرار دیکر ممنوع کردین بلکہ وہ
خواہ قرض ہے کہ دائن نے روپیہ دیکر مدیون سے اوسکے گماشتہ کے نام جو مثلاً کانپور مین ہو حوالہ کرا
یا یہ کہ جہان تم یا تمہارے گماشتے ہون ہمکو روپیہ لینے کا اختیار ہو اب یہ قرض جر نفع نہوا کیونکہ
مدیون سے کسی مقام پر روپیہ لینا یا کسی شخص کے نام دہانید کرا لینا جائز ہے اور فی الحقیقت

ہی و منی آرڈر کسی مقام کے ساتھ خاص نہین بلکہ جہان اوسکے گماشتے ہون روپیہ مل سکتا ہے
جو کچھ دنیا پڑتا ہے وہ اوس کاغذ اور تحریر کا معاوضہ ہے جو مہاجن سے لیا جاتا ہے خواہ اجرت ہے
سمین جو شبہے پیدا ہوتے ہین اونکے جواب یہ ہین شبہ اول اجیر پر لازم تھا کہ وہی روپیہ بعینہ پونہچاوے
جا ۱ یہ یقین نہین ہو سکتا کہ وہی روپیہ نہین دیا گیا ۲ یہ شرط مفسد اجارہ نہین بلکہ اجیر
م ہے پس اسکی مخالفت مین اجیر لازم ہوگا شبہ دوم اجیر پر ضمان نہین ہے جواب ۱ یہ مسئلہ مختلف
ہے ۲ مفسد اجارہ بھی نہین ہان مستاجر کو ایسا ہی کرنا چاہیے ۳ اگر مدعوی خلط وغیرہ ضمان سے
یا مضائقہ ہے شبہ سوم ہنڈی کا روپیہ تاریخ ادا سے قبل بدون سود کے نہین دیا جاتا جواب اجرت
تعیین وقت ظاہر ہے قبل از وقت مستاجر کو کوئی حق نہین اب اگر طلب کیا تو معاملہ جدید ہوا
یہ روپیہ بطور اطمینان مستغرق رہا اور سود کی شرط اس معاملہ سے متعلق نہین غرضکہ یہ سب شروط
رہ نہ اصل عقد مین داخل ہین نہ مضر ہین جسطرح وکیل اور مضارب اگر خود ضامن نہین یا بنا
ین تو ضمانت باطل ہوگی وکالت اور مضاربت مین خلل نہ پڑیگا ہدایہ تیسری نوع ہنڈی اجرت
تی ہے اور جو کچھ دیا جاتا ہے وہ خواہ اجرت تحریر یا حمل وغیرہ ہے لیکن اسکا پیشہ کرنا ایسی لغو شروط سے
ہے اگر بدون اجرت یہ کام کیا جاوے تو موجب انتفاع عام ہوگا پھر اسکی چند شکلین ہین ۱ یہ کہ مین
بھیجا ہون بشرطیکہ فلان تاریخ دیا جاوے ۲ اس سند کو دیکھتے ہی دیا جاوے ۳ یہ کہ مہاجن ہمکو روپیہ
اور وہ روپیہ معہ سود معینہ بذریعہ ہمارے رقعہ کے فلان شخص سے فلان شہر مین فلان تاریخ تک دو
اسمین اگر مکتوب الیہ نے قبول کیا تو جسقدر زیادہ دن گذرینگے سود بڑھتا ہے اور بصورت واپسی
ہی سود جو اول لیا گیا کافی ہے ۴ یہ کہ کسی شخص کے نام بقید تاریخ رقعہ لکھکر حوالہ مہاجن کر دیا
ت بشرط وصول کاتب کو روپیہ دیگا ورنہ رقعہ واپس کریگا یہ سوا ہی شکل سوم کی جسمین قرض
ربوا ہے باقی سب صورتین جائز ہین اور جو دیا جاتا ہے سود نہین ہے اجرت تحریر وغیرہ کی طور پر دنیا

کتاب الدیون

اسکی پانچ قسمین ہین ۱ وہ جو کسی مال یا فعل کے عوض مین لازم ہو جیسے
بیع ۔ یا کرایہ ۔ یا اجرت ۔ یا ضمان مستلفات ۲ وہ جو صرف اقرار یا جزای فعل سے ہو جیسے دیت ارش
ضمانت وغیرہ ۳ جو احسانا قرض دیا جاوے اسمین قرضخواہ ہر وقت تقاضا کر سکتا ہے بخلاف اور
راو کے ین بعد مدت گذرے حق طلب نہین ۴ رہن جو کسی حق کے اطمینان کے لیے مدیون اپنا مال گرو کرے

شے حق اللہ یعنی نذر - کفارہ - زکوۃ قربانی فطرہ وغیرہ آپس میں قرض جبکہ وہ ہر قسم کی مال میں جائز ہے یعنے
اختیار ہو تو جانور یا کوئی اسباب نذر مانی یا اوسکی دینے کا وعدہ کرے اور باقی صورتوں میں صرف اثمان اور
وزنی اور کیلی اور عددی متقارب میں قرض جائز ہے کیونکہ دوسرے اعیان کا معاوضہ کافی ممکن نہیں
اور تعیین میں بھی جہل ہے قرض کا بیع یا ہبہ کرنا جائز نہیں مگر اوسی مدیون کے ہاتھ بیچنا اور ہبہ کرنا اور باہم
مقاصہ کر لینا جائز ہے مسئلہ زید کے سو روپیہ عمرو کے ذمی ہیں اور عمرو کے پانچ اشرفیاں زید پر ہیں جائز
ہے کہ باہم بطریق بیع و شرا کے معاوضہ کر لیا جاوے اور اگر مال عمرو کا زیادہ قرار دیا جاوے تو بقدر زیادتی زید
کے ذمی باقی رہیگا یا حرفت زید قرضدار تھا اب عمرو نے زید سے کچھ مول لیا یا کام کرایا اور اپنا قرض اوسمیں
محسوب کر دیا جائز ہے اسلیے کہ بیع قرضکی مدیون سے صحیح ہے (شامی) لیکن شخص ثالث کے ذمی محسوب نہوگا
مثلاً زید نے عمرو سے ایک شے خریدی اور کہا کہ بکر میرا قرضدار ہے میں روپیہ تیرے اس کا ثمن نہیں ادا کرتا
ہوں اب عمرو و بکر دونوں راضی ہو جائیں تب بھی زید بری اور عمرو مدیون نہ متصور ہوگا ہاں حوالہ
یا ضمانت جائز ہے (عالمگیری) اور ایسے ہی دو شریک ہیں جنکا کچھ مال موجود ہے اور کچھ قرضداروں کے
ذمے اب ایک شخص قرضے لے اور دوسرا شخص مال موجود لے یہ جائز نہیں قرضکو ذریعہ سے کوئی
نفع سود دیا لینا کرنا جائز نہیں استقراض قرض جائز ہے کل ہو یا جزو قرضدار کی ایسی چیز جو اوسکی قرض
کے مثل ہے اگر مل جاوے اور وقت ادا آگیا ہو تو اوس چیز کو اپنے حق میں لے لینا جائز ہے (قاضیخان) قرضدار
جب قرض پر قبضہ کرے پھر قرضخواہ کا دعوی عین قرض پر نہیں رہتا مثلاً اگر گیہوں قرض لیکر قبضہ کر لیا
اب قرضخواہ کو حق نہیں کہ وہ گیہوں لے اور مالک مدیون ہا ایک اندازاوس مقدار کا قرضدار ہے (عالمگیری) القبال سودخور بنیا کا
پیسے اوسکے پاس چھوڑ دینا تاکہ تھوڑا تھوڑا لیا کرے جائز نہیں ہاں سب پیسے وصول کر کے امانت رکھوا دے تو مضائقہ
نہیں پھر قرضکی تین قسمیں ہیں ۱ متعلق بعین شے جیسے زید نے عمرو کے پاس ایک باغ رہن رکھا
یا مکان ایک سال کو لیکر اسکے پردیا اب عمرو کو حق ہے کہ اولاً اوسی چیز سے اپنا حق وصول کرے
تب مالک کو حق تصرف ہوگا چنانچہ تجہیز و تکفین پر بھی مقدم ہے ۲ وہ جو صرف مدیون کے
ذمے ثابت ہیں کسی جائداد سے متعلق نہیں تو اگر مدیون مر گیا اور بحالت صحت ان قرضوں کا
اقرار قاضی کے سامنے کر چکا ہو یا شاہد عادل موجود ہیں یا معائنہ سے ثابت ہوتا ہو تو دین
صحت ہوا اور بلا عذر مدیون کے مال سے واجب الادا ہے ۳ صرف میت کے اقرار ہی سے ثابت ہو

یسی مرض میں جسمیں وہ مرا تو یہ دین مرض ہے اور یہ دین صحیح سے سو خبر ادا ہو ترکہ میں مال مدیون
لازم ہے اگر میت مفلس ہے تو وارثوں پر ادا کرنا لازم نہیں اور اگر ادا کریں تو ذمہ میت سے ساقط ہو جا
ت غیر ہے بہر حال ادا کریں امید عفو ہے اور ادا کرنے کے لیے مال حلال شرط نہیں مگر حصول میں اسکا
ضرور ہے مثلاً اگر زید نے بکر سے دس روپیہ قرض لیے اور کسی مال حرام سے ادا کر دیے تو قرض ادا ہو گیا
جو معلوم ہو تو لینا بچنا ہے اور یہ فعل خالی از گناہ نہیں اسی سے کہ کسی مسلمان کو مال حرام دینا
سم کا مغالطہ ہے کیونکہ اگر وہ جانتا تو ضرور انکار و نفرت کرتا مسئلہ زید مسلم کے سو روپیہ عمر مسلم اور بکر
دو نو پر قرض ہیں پھر عمر و بکر سو روپیہ لائے جسمیں سے پچاس روپیہ سود اور رشوت وغیرہ سے
ا تھا اور پچاس شراب کی قیمت سو اس صورت میں اگر عمر مسلم اس روپیہ سے زید کا قرض ادا کریگا
زید کو جان بوجھ کر لینا جائز نہ ہوگا اور لیا تو عمر بری ہو جائیگا اور اگر بکر ہندو ادا کرے تو وہ پچاس جو
کی قیمت سے ہیں لے لینا جائز ہے اسلیے کہ یہ اونکے حق میں جائز اور مالک ہیں اور دوسرے پچاس کا جو رشوت
ہ میں لینا حرام ہے اسلیے کہ اسمیں مالک ہی نہیں آگے رہن یہ قرض کی چوتھی قسم ہے جسمیں مدیون
ل دائن کے اطمینان کے لیے اوسکی حوالہ کر دیتا ہے اسمیں ایجاب و قبول اور مرتہن کا قبضہ کامل
ریس ایسی چیز جو راہن کی تعلق سے علحدہ ہو کر مرتہن کے قبضہ میں نہ آسکے رہن نہو سکیگی جیسے نصف
ن یا شاخ درخت وغیرہ اور جسکا بیچنا منع ہے اوسکا رہن رکھنا بھی منع ہے (عالمگیری) اگر رہن اگر
ہو گیا تو قیمت دینا پڑیگی اور اگر خود ضایع ہوا پس اگر قرض کے برابر ہے یا زیادہ یا بمقدار قیمت
م نہیں تو قرض کا معاوضہ ہو گیا اور اگر قرض سے کم ہے تو بقدر کمی کے قرض باقی رہا کیونکہ مرہون
زیادتی امانت اور بقدر قرض مضمون ہوتا ہے مرتہن اگر فک رہن کا دعوی کرے تو پہلے مرہون
ضر کرے تعیین مدت از جانب راہن معتبر ہے تاکہ ادای زر کی قوت حاصل کرے بخلاف مرتہن
و سے ہر دم واپسی پر قدرت ہے زر رہن میں کسی قسم کا تصرف راہن یا مرتہن کی طرف سے جائز نہیں
اجارہ یا عاریہ اور بیع اور رہن وغیرہ رہن کا بجز اجازت فریقین ناروا ہے کیونکہ یہ تصرفات
نب راہن قبضہ مرتہن کو مانع ہیں اور از جانب مرتہن ملک راہن کو منافی مسئلہ زید نے عمر و
سے عمر نے بکر کے پاس اور بکر نے خالد کے پاس ایک مکان رہن رکھا تھا وہ مکان گر پڑا یا
یا تو زید کو حق ہے کہ خواہ عمر و خواہ قابض سے اوسکی قیمت وصول کرے کیونکہ یہ سبب اس تصرف

مین غاصب اور خائن ہو گئی ۲ عمرو مفقود الخبر ہوا یا لاوارث مرا یا زندہ ہی مگر شرارت سے سما
نہین کرتا زید کو حق ہی کہ زر رہن ادا کرکے وہ مکان خالد قابض سے لی یا کسی اور قسم کا
کری اور اگر خالد کا قرض اوس مکان پر بہ نسبت قرض عمرو زیادہ ہی تب بھی خالد کو بمقابلہٗ زید نہ
ہو سکتا اپنا دعوی بکر سے کری کیونکہ عمر غاصب اور خالد شی مستحق کا قابض ہے اور یہی حکم ہے
مستعار کا زید نے ایک گھوڑا عمر کے پاس رہن رکھا اور شرط ہو گئی کہ بکر وکیل بیع ہی یا بعد اتمام ع
بکر کو وکیل کیا تو شکل اولین بالاتفاق اور ثانی مین باختلاف زید کو حق نہین ہے کہ بکر کو وکالت
معزول کرے (ہدایہ) منافع مرہون راہن کی مملوک اور مرتہن کے پاس امانتاً محبوس رہتی ہ
اسیا بہین کہ یہ منافع مرتہن کو حلال ہے یا نہین بڑا اختلاف ہی مگر مذہب مختار بلکہ امر حق وہی
جناب استاذی و مولائی مسند الاماثل فخر الاکابر ابو الحسنات مولوی محمد عبد الحی عم فیضہ الخفی والجلی
اپنے رسالہ فلک المشحون فیما یتعلق بانتفاع المرتہن بالمرہون مین بدلائل واضحہ تحقیق فرمایا ہی
مملوک راہن ہے پس اگر راہن نے بعد تکمیل عقد و قبضہ تامہ بخوشی اجازت دی تو بطریق ترک
جائز ہے اور اگر اجازت مقصود رہن یا داخل عقد ہی تو کھلا کھلا سود ہی اور بلا اجازت خیانت
غصب ہی اور یہ بھی فرمایا کہ بحسب عادت و عرف زمانہ موجودہ اسکی قطعی ممانعت لازم ہے
منہ سے جو چاہین کہین لیکن دلمین رہنکو موجب نفع اور تجارت اور تدبیر معاش اور مناف
معاوضہ دین تصور کرتے ہین و واللہ یعلم ما فی الفسکم اگر سو مین دو ایک نیک نیت ہون تو بھی
فتوی نہین ہو سکتا پس اگر راہن نے مرتہن کو اجازت دی تو اوسے اختیار باقی ہے کہ جب چاہ
رجوع کری اور کوئی اثر اس سے عقد رہن پر نہین پڑ سکتا ہان وہ مصارف جو مرتہن نے با
نفع رہن کیے ہین راہن سے لیسکتا ہی مثلاً زید نے باغ عمرو کے پاس رہن کرکے منافع اوسکا عمرو کو
کر دیا عمرو نے جو کچھ اوسکی پرورش اور عمدگی مین صرف کیا ہی وہ زید سے لیسکتا ہی اگر زید نے قبل از
نفع رجوع کے یا رہن چھڑا کر اپنے قبضے مین لایا اور عمرو مرتہن کو نفع لینے سے روکا ورنہ مصـ
مرہون مصارف دو قسم کے ہین سلوہ جو مرہون کی ابقا و اصلاح سے متعلق ہین جیسے د
لباس۔ نوکر۔ باغبان۔ سائیس۔ سینچنا۔ بونا۔ مکان کی مرمت وغیرہ سلا جو حفظ اور ر
سے متعلق ہین جیسے کرایہ مکان و دوا وغیرہ پس مصارف اول راہن کے ذمے ہین اور قسم دو

مرتہن کو ذمی ہنگر ابو یوسف کی نزدیک کرایہ مکان بہی راہن کو ذمی ہے ۱۲ ہدایہ بیان اگر قیمت رہن دین سے
زیادہ ہے یا کچھہ منافع اوسکی حاصل ہوسے تو یہ امانت ہین اور انکا کل خرچ بہی راہن کے ذمی
رہیگا اور مرتہن کو لازم ہے کہ خواہ خود مرہون کی حفاظت کرے یا اپنے معتبر نوکر یا عیال کے پاس رکہوا
غیر کی پاس رکہیگا تو ذمہ دار رہیگا اور جب راہن مرتہن کو نفع حلال کر دے تو کل مصارف ذمہ
مرتہن ہو سکتے ہیں اگر راہن اداے مصارف سے انکار کری یا غائب ہو یا حصول اجازت تک
مرہون کی ناقص یا ہلاک ہونیکا خوف ہو تو مرتہن بمقتضاے قاضی ضروری خرچ کر کے راہن سے وصول
و ہان اگر قاضی نہو تو مرتہن اپنی راے سے وہ کام خرچ کر سکتا ہے ہر چند یہ حقوق مختلفہ قضاے قاضی
پر منحصر ہین مگر ایسی حالت مین مرتہن اپنے حقوق کی محافظت مین مضطر ہے اور مثل حق قائم
کے مستقل و مختار اور راہن ظالم تا حد امکان ہدایہ صفحہ ۵۰۳ آخر باب تصرف و جنایت مرہون
مین امام صاحب کی مذہب سے منقول ہے اسیطرح منافع اوسکی اگر جمع نہ ہو سکین جیسے دودھ میوہ
تو مرتہن بطور فضولی بیع ہو سکتا ہے اور قیمت منافع رہن ہوگا اور جنس سے جو بعوض رہن یا قبضہ اوسمین ہوگا
رہیگا اور وہ رہن محبوس رہیگی البتہ منافع مفقود کی تحصیل نہ اسکو ذمی ہے نہ اوسمین مختار جیسے سکانکو
رایہ پر چلانا کہیت یا باغ کی درستی وغیرہ اور اگر یہ عذر نہو اور مرتہن اپنی راے سے کچھہ خرچ کرے تو وہ خرچ
وہ راہن سے نہین پا سکتا اور وہ منافع جو باقی رہسکتے ہین جیسے جانور کی بچہ وغیرہ تو بیع صحیح نہین مسئلہ
جیسے ایک مکان یا ایک گاے جو پچیس روپیہ کو رہن رکہی اور کرایہ یا دودھ اوسکا تین روپیہ ماہوار ہے اور
مصارف ایک روپیہ ماہوار ہے مکان یا گاے ملک پر سمین چہوٹ جائیگی اسلیے کہ اصل نذر رہن للغرض اور خرچ
کے اور کل آمدنی ہے اب کچھہ مرتہن کا باقی نرہا اسلیے راہن کو مرتہن ہوا اور مرتہن کو راہن سے مرہون
بطور کرایہ لینا جائز نہین (عقود الدریہ) اسلیے کہ راہن نے اگر لیا تو قبضہ مرتہن نرہا اور مرتہن نے
یا تو یہ قبضہ باستحقاق رہن نہوا بلکہ نیابتاً قبضہ ہوا مرتہن اپنے روپیہ کا قبضہ کا دعوی کر سکتا ہے مسئلہ
دیکھو البتہ کا حق نہین یہ شرط کہ اگر اتنے دنون روپیہ نہ دیا تو بیع ہو جائیگی باطل ہے عقود الدریہ مسئلہ
اور مرتہن نے باجازت راہن مرہونکو عاریت دیا اب مرتہن ضامن نہ ہوا اور اگر راہن کی اذن بغیر دیا
رہا تو رہن باطل ہو گیا ہدایہ مسئلہ جاری ہو شہرون میں اکثر مکان یا باغ رہن رکہا جاتا ہے اور بعض شرط
در کسی دن شرط مرتہن کی قبضہ مین نہین دیجاتی ان سب کو تو ہمین پہر قرض ہے اور رہن باطل اسلیے کہ رہن قبضہ

کتاب الاجارات

یعنی بیع منافع پس وہ اجارہ جسمین اصل معقود علیہ مملوک ہوجائے جائز نہین مثلاً ایک بار
اجارہ پر لیا کہ اتنی مدت مین جسقدر اسکی گھاس خشک ہو یا پھل پیدا ہو وہ میرا ہے یا بکری گائے دودہ پینے
کے لیے اجارہ پر لینا درست نہین - ایسے معاملات مین اگرچہ تعداد معقود علیہ کے معلوم ہو ۲ تسلیم ہو
۳ بیع کی اور شرطون سے بھی مخالفت نہو بیع کا حکم دیا جائیگا (یعنی جسمین عین شی مملوک ہو جائے ۱۲) اجارہ مین بیع کے آٹھون شرطین معتبر
لیکن اول جبکہ اجارہ مین اصل شی مملوک نہین ہوتی تھی عمل یا منافع مال اوسکا قائم مقام کیا گیا (ہدایہ
(متعلق شرط چہارم ۱۲) جیسے مکان کرایہ لیا اصل مکان پر کوئی حق نہین کرایہ دار صرف نفع سکونت وغیرہ کا مالک ہے یا کسیکو نوکر رکھا کام لینے
اختیار ہے ذات ملازم پر اختیار نہین آیا ایسی ہی ضرور ہے کہ منافع مال متقوم و مفید بھی ہون پس جو منافع
شرعاً حرام ہین جیسے اجرت زنا و رقص وغیرہ یا جو منافع عبث ولہو ہین جیسے درخت خاص کپڑا خشک کرنے
یا بعض ظروف چاندی سونے کے یا شیشہ آلات وغیرہ صرف دکان و مکان کی زینت کے لیے کرایہ لینا یا جسکا
بدون ہلاک عین نہ ملے جیسے درم و دینار یہ ناجائز ہین دوم منافع غیر محدود ہوتے ہین جیسے مکان کا
سکونت برابر حادث ہوا کرتے ہین اور بیع مجہول فاسد ہے لہذا (متعلق شرط ششم ۱۲) منافع کے بعض متعلقات کے تعیین
منافع کی تعیین کیجاتی ہے (ہدایہ) جسطرح مبیع ظرف وغیرہ سے معین ہوتا ہے مثلاً یہ گھوڑا بعوض ایک
کے دو کوس یا دو دن کے لیے یا یہ زمین بعوض دس روپیہ کے ایکسال کے لیے - یا یہ کپڑا اگر زرد رنگا
تو دو آنہ اور سرخ ہو تو چار آنہ غرض کسی قسم کے تعیین سے رفع جہالت معقود علیہ شرط ہے ورنہ اجارہ فا
ہوگا (ہدایہ) جب کوئی زمین یا جانور اجارہ پر لے تو اون سب امور کی تصریح ہوتا ہے جو اس اجارہ سے
مقصود اور متعلق ہین جیسے اس گھوڑے پر دو آدمی سوار ہونگے یا فلان چیز اس قدر لادی جائیگی اور فلا
مقام تک فلان راہ سے فلان وقت لیجائینگے یا اس زمین مین فلان چیز بوئی جائیگی یا فلان قسم
آدمی بسائے جائینگے - اور اگر بعض متعلقات کی تصریح نکی اور معقود علیہ ہلاک یا ناقص ہوا تو اسکی تین صورتین

۱؎ ملازم ...
ساتھ قبول ۲؎ قدرت تسلیم ۳؎ مال ...
... وصف و مقدار ثمن ۴؎ تعیین مبیع
... اہلیت عاقدین ... مدت ادائی ثمن ۱۲ ۵؎
چونکہ بعض شروط مین بھی احکام مختلف ہین
... شرعی ۱۲ ۶؎ یعنی ...
... مثلاً ... روپیہ ۱۲
۷؎ جب کوئی ... ہون اور بعض ...
یا آسمان یا ... اور بعض ... ہون ۱۲

خواہ وہ امر متعارف ہے یا متعارف کی قریب قریب ہو یا بالکل خلاف ہو شکل اول مستاجر کے
ہو جیسے ایک چھکڑا کرایہ پر لیا (اور اوس مقام میں چھکڑہ پر ۲۰ من غلہ لادنیکا عام قاعدہ تھا) اور
ہی ۲۰ من یا کم غلہ لادا گیا اور چھکڑا اوٹھ گیا یا بیل ہلاک ہو گیا یا باعتبار عرف دس کوس چھکڑہ جایا
کرتے تھے اور یہی چھکڑا دس کوس یا اوس سے کم میں ٹوٹ گیا تو کرایہ دار بری الذمہ ہے **المعروف**
کالمشروط شکل دوم میں بقدر تجاوز ذمہ دار ہو جیسے اس صورت میں ۲۵ من غلہ لادا یا
اور ایسی چیز جو مثل غلہ کی ہو لادی اور مثلاً ۴ روپیہ کا نقصان ہوا تو کرایہ دار للعہ روپیہ ادا
کرے شکل سوم میں بصورت نقصان ذمہ دار نقصان اور بصورت عدم نقصان عند البعض ماخوذ
ہو اسلئے کہ اسنے مال غیر میں تجاوز کیا جیسے پتھر یا لوہا لادا یا پندرہ کوس لیگیا یا ۱۰۰ من بار کر دیا
(ماخوذ از عالمگیری) **مسئلہ** جبکہ باہم کچھ تعین نہوا ہو تو اجیر ضرر رسان اور خوفناک امور سوا اپنی ذات اور
مال کو باز رکھسکتا ہے اور مستاجر متعارف کاموں میں محتاج ہے مثلاً محرر سے جملہ امور متعلقہ محرری اور
خدمتگار سے ہر قسم کی خدمت لیسکتے ہیں مگر اختیار نہیں کہ محرر سے خدمتگاری یا معلم سے محرری کرائیں یا
اوسے خوفناک راہ یا سفر کہ جنگ میں بھیجیں مگر یہ کہ اقرار ہو گیا ہو یا ملازم راضی ہو جائے مسئلہ زمین
میں وہ چیز بو سکتا ہے جو اوس میں بوئے جاتی تھی یا اوس سے ضرر نہیں پہنچتا اور خلاف عرف اور ضرر رسان
کاموں کی اجازت صریح مشروط ہے پس اگر مالک نے شخص کو اجازت بھی دی کہ تجکو اختیار ہے جس قسم کا
نفع منظور ہو حاصل کرو تو خلاف عرف اور ضرر رسان امور بدلالت عقلی مخصوص اور مستثنی ہونگی
سوم بیع میں بعد اتمام عقد تسلیم مبیع معاً ممکن ہے لہذا ثمن اوسیوقت واجب الادا ہوتا ہے اور
متعلق بعقد مستقبل
اجارہ میں منافع ... یا حادث ہوتی ہیں صرف عقد سے تسلیم ہو سکتا ہے نہ وجوب اجرت ہاں
اگر پیشگی دیدیا تو حق تردید نہ رہا اسلئے کہ یہ ایک حق ہے اور عوض شرعی میں ادا کیا گیا اور مستاجر
نے اپنا حق خود باطل کیا۔ اجیر جب کام کر چکے اوسوقت اجرت فوراً دیدینا چاہیے اب کوئی
مدت ادا کے لیے معین کرنا رضامندی اجیر پر موقوف ہے کیونکہ جب وہ مستحق ہو گیا تو اوسے
اختیار ہے کہ مہلت دے یا نہ دے چہارم عقد اجارہ بتجدد ہر نفع پر منعقد ہوا کرتا ہے کیونکہ
منافع معدوم ہوا کرتے ہیں اور معدوم کی تملیک ممتنع ہے لہذا بضرورت صحت عقد یہ فرض
کیا گیا کہ حکماً ہر نفع پر ایجاب و قبول جدید ہو جاتا ہے مثلاً جب

ایک مکان ایک سال کے لیے کرایہ پر دیا اب ہر نفع سکونت پر اوسکے قبول کی تجدید ہوگی خواہ مستاجر
نے مدت گذرنیکے بعد سکوت کیا اور مالک نے منع نکیا کیونکہ یہی عقد جدید ہوگیا پنجم عقد اجارہ ایجاب
و قبول کے بعد لازم ہے پس اگر مکان ایک سال کیلئے کرایہ پر لیکر درمیان مین چھوڑ دے یا تو مالک تمام
کرایہ لینیکا مستحق ہے اگرچہ خود قبضہ و دخل نکرے مثلاً ایک شخص نے ایک گھوڑا دن بھر کیلئے کرایہ
پر لیا اور دوپہر سے چھوڑ دیا اب مالک اگر سوار ہوا یا اوسنے اور کسی قسم کا نفع حاصل کیا تو
وہی حکم عائد ہوگا اگر کسی نے کسیکو کام کیلئے سوار رکھا یا قبضہ ہونیکے [illegible] متعلق ہے مثلاً [illegible]
جیسے پانی پلانیکو دریا پر لیجاتا یا کسی خوف اور ضرر کے تمام عمر [illegible] پر لیجاتا [illegible] ششم اجارہ
تو ہی سے فسخ ہوسکتا ہو [illegible] مسئلہ عاقدین سے کوئی مرگیا یا عذر صحیح جسکا بیان آئیگا لاحق
تو اجارہ فسخ ہوجائیگا بخلاف بیع کے کہ وہاں دفعتہ بیع مشتری کی ملک مین آجاتی ہے اب یہ نا
ممکن ہے اور منافع آئندہ تو ابھی مستاجر کے ملک مین نہین آئے ورثہ کا کیا ذکر اور تجدید عقد کا
ضروری امر تھا اپنے مقام پر منحصر رہیگا نہ ورثا مستاجر سے متعلق ہوسکتا ہے نہ حالت عذر صحیح
بلکہ صرف بحالت ضرورت اجارہ خاص مستاجر سے متعلق ہوگا اور معاہدہ کا لازم اوسکا معارض
کیونکہ وقوع اور اقتضاء وقوع مین فرق ہے مگر ۱ جبکہ یہ معاہدہ ہوگیا ہو کہ نفع لیا جاے یا نلیا
اجرت ضرور دیجائیگی ۲ اجیر کا کوئی حرج معتد ہوا ہو جیسے زید ایک گاڑی عمر سے باجرت لا
اور بکر نے کہا کہ زید سے معاملہ نکرو ہم اسقدر اجرت دینگے یا عمر نے بکر سے کہا کہ مین دوسری خواستگاری
قطع کرکے تمسے اس شرط پر معاملہ کرتا ہون کہ تم اسکو فسخ کرنیکے مجاز نہو یا عمر و بطلب زید کہین
آیا یا اوسکی فرمایش سے کوئی شی خاص بنوائی اب شکل دوم مین کل اجرت اور باقی شکلون مین
ہرج عمر و بکر سے پانیکا مستحق ہوگا اور یہ شرط اسکے ذمہ لازم اور متممات عقد سے ہے کیونکہ اول اطمینان
سے متعلق ہے اور ثانی آسایش آمر و نفاست معقود علیہ کا سبب ہے جب کسی وجہ سے اجارہ فسخ
یا مدت گذر جائے اور معقود علیہ متعلق ہو تو مہلت مناسب شرط ہے پس اگر زمین یا کشتی یا گھوڑا
کرایہ لیا اور مدت اجارہ ختم ہوگئی یا دونو سے ایک مرگیا مگر ابھی کھیت کچا ہے یا کشتی دریا مین ہے
[illegible] تو ایک مناسب مہلت ضرور دیجائیگی اور اتنے روز کا کرایہ بحساب کرایہ سابق عائد
مالک کو اپنی چیز واپس لینے کا ہرگز حق نہین [illegible] اسی بنا پر اگر کوئی نوکر یا مزدور ضرورت

عذر کرے یا قطع تعلق چاہیے تو ایک معین وقت تک مہیا کیا جائیگا سپاہی بوقت خیال جنگ یا وکیل
بوقت حضور حکام یا مزدور راہ مین یا کسی خوفناک مقام پر قطع تعلق نہین کر سکتے مگر جبکہ اوسنے بتصریح کہدیا
ہو کہ مجبور ہر وقت اختیار ہے اگرچہ ضرورت ہو ہو آجن اسوا اور عذرات کا ذکر کیا تھا اوسکے فوت طلب کے
جائین یا خلاف شرع احکام دیے جائین مسئلہ جو مزدوری یا نوکری ایسی ہو جسمین ہمیشہ کام کرنا پڑے
یا جو کام لیا جاے وہ بہت کم یا غیر مقصود یا صرف تعلیم و مشق کیطور پر ہو جیسے سپاہی یا بعض اہلکار جنسے
کسی خاص وقت پر کام لینا منظور ہوتا ہے اور جو کچھ کیا کرتے ہین وہ مقصود نہین ہوتا یہ لوگ عین ضرورت کے
اسطرح عذر نہین کر سکتے اسلیے کہ اسی واسطے اونکو مدتون سے اجرت دیجاتی ہے بشرطیکہ وہ کام اونکو منصب کے
شرایط کے خلاف نہو اور یہ بھی معلوم کرا دیا گیا ہو کہ تمکو کسی ضرورت پر اس قسم کا کام کرنا پڑیگا مگر جبکہ مدت معین
یا غیر معین درکار ہو تو البتہ مناسب انتظار کے بعد وہ مختار ہوگا مثلا ایک سپاہی نوکر رکھا اور لڑائی کا
ایسا خیال ہے جسکا وقوع غالبا جلد نہین ہو یا زمین پانچ برس کیلیے کرایہ لی اور ایسا باغ لگانا چاہا
جو دس بیس برس مین تیار ہو اور لڑکی اوسکی بکار آمد ہو یا اور کوئی ایسا کام کیا جو ایک مدت مین
پورا ہوگا یا کشتی کسی مقام پر راہ مین ٹھیرا دی اور مالک اوتر گیا اور کہہ گیا کہ ہم برس چھ مہینے مین
واپس آئینگے تو ایسی صورتون مین انتظار لازم نہین ہے **اقسام اجارہ** اسکی تین قسمین ہین
اول محض منافع اشیا جسطرح مکان یا زمین کرایہ کرکے دینا ایسی چیزین یا استعمال مناسب مین جو معقود
خراب ہون مستاجر سے کچھ تعلق نہین بلکہ بقدر ضرورت مالک سے مرمت کرا لینگے یا اوسکو حق ہے
دوم محض عمل جیسے مزدوری یا نوکری اسمین یہ شرط کہ اسقدر وقت مین یہ کام ضرور
ہو اور اگر وقت یا کام کسی مین کمی ہوگی تو اجرت کم ہوگی مفسد ہے کیونکہ ایک اجرت کے مقابلہ مین
دو معقود علیہ نہین ہو سکتے مثلا وقت سے کام اور اگر یہ قید کام لینے اور تاکید کیلیے ہو اصل عقد
مین داخل نہو اور ایک امر پر کل اجرت اور دوسری پر صرف عتاب کیا جاے جائز ہے جیسے صبح سے
شام تک ضرور حاضر رہو اور اسقدر کام کرو اب تنخواہ باعتبار حاضری ہے تو کام کی کمی بیشی محسوب نہوگی
اور کام پر نظر ہے تو حاضری سے بحث نرہیگی البتہ اگر حاضری کی اجرت علیحدہ اور عمل کا عوض
علیحدہ ہو تو جس امر مین کمی ہو اوسکی اجرت کم ہو سکتی ہے مزدور اجرت مین بال نہین روک سکتا
(ہدایہ) یہ شرط کہ جب نوکری چھوڑنا تو ۱۵ یوم پہلے اطلاع دینا ورنہ ایک مقدار جرمانہ لیا جائیگا نظاہر

مفسد عقد ہی مگر نفس الامر مین متممات عقد سی ہی کیونکہ دفعتاً کنارہ کشی مین بڑا ہیچ اور سخت بدا
اور کمال بی اطمینانی کا احتمال ہی ظاہر ہو کہ صاحب کشتی دریا مین اور صاحب ارض قبل پختگی
مجبور کیے جاتے ہین اسیطرح آقا مرد ہوشیار و معتبر ملنے تک نوکر کو روک سکتا تہا لیکن جبکہ ایسے
ملنا کسی مدت پر موقوف نہ تہا اور مدت غیر معلوم تک پابندی مشکل یا ایک مدت خاص کر تعین ہی
اوسکے قائم مقام ہی اور درصورت مخالفت نوکر تنخواہ ایام موعود سکا اوسی طرح دینا پڑیگی جیسا
ارض زراعت کا نقصان دیتا اور بیع مین مشتری سی شرط کفیل یا رہن یا عقد رہن مین را
وکیل بالبیع کا لزوم مفسد نہین اور مبیع مین یہ شرط کہ اگر فلان وقت تک قیمت نہ دونگی تو
جائز ہی اسی طرح یہ لزوم بہی مخالف و ممنوع نہین ہوسکتا جرمانہ تین قسم ہی ۱ معا
جو کسی صریح شرط کی مخالفت سی عائد ہو ۲ شرط یعنی اگر آیندہ نوکری منظور ہی تو گذشتہ عدول حکم
نسبت جرمانہ دو ورنہ اختیار ہی اسیطرح اور قسم کی سزائین ۳ بجبر یعنی بوجہ فلان مخالفت
جرمانہ لیا جائیگا پس قسم اول کی دو صورتین ہین ۱ وہ مخالفت جس سے کچھ نقصان مال یا عا
ہو کوئی شے ضائع کردی یا غیر حاضری یا کسی خود رائی سے کام پورا نہو سکا یا ایسی کام پر نوکر تہا جو
انجام دیسکتے ہین تنہا نہین ہوسکتا جیسے چہاپا صحت کرنا یا دوسرونکا کام اوسپر موقوف ہو
کسی کارخانہ کا مہتمم وغیرہ اس صورتین جرمانہ جائز ہی اور ثبوت اوسکا جواز ضمان سے کتب
مین موجود ہی ۲ وہ مخالفت جسمین سوائے ناخوشی و نافرمانی و شرارت کے کوئی نقصان نہ
اوسکا حکم مثل قسم دوم کے ہی اور قسم دوم بوجہ شرط و رضاے مجرم بوا انتظام و ضرورت
اور سوم محض ظلم و ممنوع ہی نوکر کو اوقات نوکری مین کوئی کام اپنا کرنا جائز نہین مگر ۱ ادای
وسنن ۲ حاجات ضروری جیسے کہانا پینا وغیرہ مگر نوافل باتفاق منع ہین اور جامع مسجد و
بمقدار مناسب اجرت کم ہوگی (عالمگیری) میرے نزدیک اگر دونو مسلمان ہین تو نماز جمعہ و
کا پہلے ہی لحاظ کرکے معاملہ کرین کیونکہ مبادا مزدور طمع مال سے جمعہ ترک کردے اور آقا کو بہی
فرائض و عبادات تخفیف اجرت شان اسلام سے بعید ہی اور یہ قیود تب ہین کہ مالک اور کا
منع کردے یا بوقت اطلاع ؟ خوش ہو یا اوسکے کام مین نقصان کا خیال ہو ورنہ بجسب
و تعامل بلد مضائقہ نہین سبب اور ایسی نوکریان جنمین دوسرے کام مخل نہین ہو آیا جمعہ

رہتی ہے ایسی امور کے واقع نہین جیسے ایک شخص پہرا بھی دیتا ہو اور کچھ پڑہتا یا سیتا ہی **موسوم**
بیع و عمل جیسے کپڑا رنگنا جسمین رنگ کی بیع اور رنگنی کی اجرت ہے اسمین اگر مال مالک کا
ہے اور اجرت مزدوری کی تو اجارہ ہے ورنہ استصناع ہے لیکن اور وصف کی تعین بغرض رفع خلاف
ضرور ہے یہ لوگ بعوض اجرت مال روک سکتے ہین جو مال انکا صرف ہوتا ہے وہ معقود علیہ نہین تا کہ
ہلاک عین لازم آئے بلکہ آلہ و ذریعہ تسلیم معقود علیہ ہے (ہدایہ) **عذرہای فسخ اجارہ**
(۱) مجبوری جیسے گاڑی کرایہ پر لی اور گھوڑا مر گیا گاڑی ٹوٹ گئی حاکم نے ممانعت کر دی خود بیمار
ہو گیا یا وہ مریض جسکے لئے طبیب بلایا گیا تھا مر گیا (۲) **فوت غرض** جیسے مریض اچھا ہو گیا قصد سفر فسخ
کر دیا یا جس صنعت اور جس قسم کا نفع معقود علیہ سے منظور رہتا وہ اسمین نہین ہے (۳) **موت احد
المتعاقدین** اب اجارہ باقی نرہا البتہ ورثا میت اور فریق ثانی راضی ہون تو یہ معاہدہ جدید
ہوا **مسئلہ** جیسا کہ معمول ہے کہ بعد موت کے تمام معاملات اور ملازمین اور معاہدے قایم
و باقی رہتے ہین اسکا جواز بحکم تعارف ہے اور سکوت قایم مقام رضای جدید لیکن جبتک کوئی
متضمن رضا بدو لفظ فسخ معلوم نہو اختیار باقی ہے مثلاً کوئی مکان ایکسال کیلیے کرایہ پر لیا
دیا یا کسی کو سال بہر کامل کی شرط پر نوکر رکہا یا نوکری کی اب ایک شخص مر گیا تو دوسرے کو مکان
نوکری چھوڑ دینے یا چھوڑا دینے کا اختیار ہو گیا مگر جبکہ کوئی نقصان معتبر ہو تو اوسکی رعایت
ہو جائیگی مثلاً کشتی یا زمین یا مکان یا ظروف متعلق ہین تو رفع تعلق تک اجارہ باقی رہیگا یا ملازم وغیرہ
سے اگر اقرار تہا کہ بعین ضرورت کے وقت یا بدون مہلت چند یوم نوکری نچھوڑ سکینگے تو اوس ضرورت
مہلت کی رعایت لازم ہو اسلئے کہ یہ شروط اصل اجارہ سے متعلق نہین بلکہ بغرض حفظ حقوق و اموال
و اغراض عاقدین کیجاتی ہین اور یہ حقوق میراث اور ملک ورثا ہوتی ہین **اجارات مشروطہ**
یعنے بشرط ترتب اثر اجرت دیجائیگی جیسے طبیب وکیل عامل جنسے بشرط کامیابی ایک مقدار اجرت کیہ
تصفیہ کیا جاے اگر انمین کسی قسم کا تعین طبیعت وغیرہ شرط ہو کیونکہ اثر کا ہونا نہ ہونا کسی کے اختیار مین ہے (جو بعد تعیین کر سکتے ہین ۱۲)
نہ کسی وقت خاص سے متعلق اور نہ معلوم ہو سکتا ہے کہ اب اثر مرتب ہو گا پس بدون تعیین کے
نزاع قائم ہے اسلئے کہ آمر کبتک انتظار کرے اور اگر بوجہ کسی چھپی ہوئی خرابی کی جسکا ظہور مشکل ہے
معزول کرنا چاہے تو اجرت کس اعتبار سے دیجائے اور اگر آمر کو مطلقاً اختیار دیا جاے تو وہ ہر وقت اسکی

معزولی اور حق تلفی پر قادر ہوگا **تسلیم معقود علیہ** کے یہ معنی ہیں کہ مستاجر نفع لینے پر قادر
ہو جاوے مگر جبکہ بعض مدت یا تمام مدت میں کوئی مانع قوی پیش آیا مثلاً مکان غصب کیا گیا
غرق ہوگیا اسکو کرایہ دار بیمار ہوا۔ بقدر حصہ اجرت کم ہوگی (عالمگیری) فسخ اجارہ میں حضور عاقدین شرط
ہے عام ازین کہ خود ہوں یا وکیل انکو یا تحریر **تعیین معقود علیہ** کبھی باعتبار عمل ہوتی ہے
جیسے یہ کام اسقدر کر دو اور کبھی باعتبار وقت کہ جیسے صبح سے شام تک موجود رہو اور کام کرو اسطرح
اجیر ہر تمام وقت متوسط قوت سے کام کرنا اور کام نہو تو حاضر رہنا لازم ہے مگر خالی وقتوں کی دو صفات
نہیں ہوسکتی **تصرفات و اجارات فاسدہ** اجارہ شروط فاسدہ سے فاسد ہو جاتا
اور شروط فاسدہ کا ذکر بیع میں ہو گیا لیکن معقود علیہ ایسی چیز ہیں جو بیع کیطرح واپس ہو سکے
پس جبکہ بوجہ جہل اجرت اجارہ فاسد ہوا تو اجرت مثل دلائی جائیگی اور اگر دوسری وجہ سے فساد آیا
تو اجرت قرار دادہ اور اجرت مثل سے جو کم ہو وہی دلائی جائیگی اجماعاً مسئلہ کثیر الاکل تک پہونچ گیا
ورنہ مر اجارہ فاسد ہوا ہاں یوں کہا جاوے کہ اجارہ ہر حال میں صحیح اور زیادتی بطور انعام و شرط معلق
معین ہو یا یہ کہو کہ اگر کل نہ سید و گے تو نہ لینگے گر صاحبین ایسی شرطیں استحساناً جائز رکھتے ہیں اور علماء
نے اسکو ترجیح دی ہے درختوں کے اجارہ کو فقہا نے باتفاق منع فرمایا ہے اور وجہ اسکی سلف عدم
عدم حاجت قرار دی ہے میں کہتا ہوں کہ عدم تعامل حجت نہیں خصوصاً امور میں
نصوص قولی و فعلی دونوں سے ثابت ہوں باقی رہی حاجت وہ ہمارے زمانہ میں اشد ہے کیونکہ
زمانہ میں نہ ہوا اور جب درخت باجارہ لیا اور جو پھل کچھ خریدے تو وہ اوس پر نہیں پکنے دیتا
شجر سے استفادہ منافع شجر ہے اسلیے کہ منو ایک قوت ہے جو زمین سے حاصل ہوتی ہے نہ ہلاک عین شے
زراعت کی زراعت جائز نہو اور یہ شبہ کہ درخت تابع ارض ہے اور تابع کا اجارہ بغیر تابع
بلا اتفاق کے اجارہ پر ہو وارد ہوتا ہے جو باتفاق جائز ہے اور جبکہ شجر اعیان سے ہے تو اوسے تابع قرار
نہیں دیا گیا ضرورت ہے اور امام محمد سے شرط ترک اثمار مروی ہے (ہدایہ) آلی اجارہ میں جہل سے فسخ
نسبت ہو لیکن جبکہ زید نے عمرو کو ایک مکان جاڑے میں سو روپیہ سالانہ کرایہ پر دیا ہے بشرطیکہ جسقدر مرمت
یا ہر اسکی تعمیر میں خرچ ہو وہ ہو تمہارے ذمہ ہے پس اگر تعمیر اور تعداد اور لاگت معین اور معلوم
تو خیر ورنہ اجارہ فاسد ہے کیونکہ مرمت و تعمیر کے احوال مختلف ہیں اور اس صورت میں جو بنایا جاوے وہ مالک

درتحقیق اجارہ

مالک ہے اسیطرح یہ تعمیر درست داخل اجرت ہے اور اگر یون کہا گیا کہ مکان یا دکان اپنی طرف سے بنوا لو جو عام رہنے والے
کرنے ہوں وضع خاص معین کریا نہ کی اجارہ جائز ہے اور کرایہ حق زمین کا ہوگا اور عملہ ملک مستاجر اور شرط
دوام نہو تو بھی مالک کرایہ نہیں بڑھا سکتا اور نہ مستاجر کم کر سکتا ہے اور بغیر رضامندی مستاجر اگر زمین
والیس لیجاوے تو قیمت عملہ مع اجرت تعمیر ذمہ مالک ہوگی وقت اور کام کا جمع کرنا موجب فساد ہے جیسے
دو پہر حاضر رہو اور اسقدر کام بھی کرو اور ان دونوں قسمون میں کمی ہوگی اجرت کم کر لیجاویگی مباح
مالونکا اجارہ اسکی دو قسمین ہین ۱ مباح مال کو اجارے پر دینا یہ باطل ہے ۲ مباح مال
حاصل اور جمع کرنے پر کسیکو باجرت معین کرنا یہ جائز ہے تفصیل شکل اول شارع عام ـ دریا ـ جنگل
پہاڑ ـ شکار وغیرہ کو اجارے پر دینا جائز نہین مگر جبکہ ایسی چیزین اپنی محنت اور صرف سے تیار کرے
جیسے نہر کھودے پل بنایا چراگاہ بنائی مسکلہ دریا یا شاہراہ کا بند کردینا بغرض رفاہ عام یہ مقتضاء انتظام
جائز ہے جیسے ناو کا پل بنا جیسے کشتیوں کی راہ بند ہوجاتی ہے یا پل کیوجہ سے دوسرے گھاٹ روک
دی جاتے ہین اگرچہ یہ مقام نہ مملوک تو نہ ممنوع لیکن اگر پل کشتی کا بنایا جاوے تو بڑا اجر ہے
پس بغرض نفع عظیم و راحت عام کے یہ مداخلت ظلم نہین اسیطرح پہاڑ کے پتھر جنگل کی لکڑی ـ دریا
کا پانی ـ صحرا کی سبزیات ـ ہر قسم کے شکار اور جسقدر چیزین مباح ہیں وہ نہیں ان مقامات مین پائی
جاتین اونمین عام خلائق برابر مستحق اور جو پہلے قبضہ کرلے وہ مالک ہے مگر جبکہ حاکم وقت محافظت اور انتظام
کرے اور خلق اللہ کو خوف و نقصانات سے بچائے باہم جنگ و جدل ظلم و تعدی سے روکے تو ایسا
محصول جو قیمت کے قریب نہو جاوے اور ایسا تحکم و قبضہ جو حد مالکیت تک نہ پہنچے اور ان
مقامونکو عام اباحت سے خارج نکرے جائز ہے تفصیل شکل دوم نوکر یا مزدور کو اپنے کام سے جو چیزین
جو کچھ حاصل ہو اسکی چار قسمین ہین ۱ معاوضہ جیسے خرید فروخت وغیرہ مگر لازم ہے کہ یہ معاوضہ
اوسکی خدمت کی جنس سے ہو جیسے ایک شخص نوکر کپڑا بیچنے اور خریدنے کا ہے تو وہ سوائے
مصارف خانگی کے بطور تجارت اپنے لیے کپڑا خرید فروخت نکرے ۲ بسبب ... اپنے ایسی چیز
سے جسکو معینہ خدمت سے تعلق نہو جیسے میراث ہبہ وغیرہ ۳ بسبب شرکت مشتبہ یعنے جسکو اوس
کی طرف بھی منسوب کرسکے جیسے خاص تجارت کیوجہ سے کسی شخص سے ملاقات ہوگئی اور کچھ
نفع ہوا اسمین اولاً لحاظ تجارت اور ثانیاً رعایت ذات اجیر دونون ہین تو اسمین تنقیح ظن ہے

عمل کرے اور ضروریات مثل طعام و دعوت وغیرہ پر جا لیوین اسکو حق ہی ۲ بحسب خدمت و حکم [illegible]
حاصل کرے وہ ملک آقا ہی پس جبکہ آقا نے حکم دیا کہ دریا سے موتی نکال یا جنگل سے لکڑی کا جمع کر یا
پکڑ تو اگرچہ یہ چیزین اولاً ملازم کے قبضے مین آئینگے لیکن وہ قبضہ حقیقت مین آمر کا ہی اور روایا
اسکی ارشاد نبوی علیہ السلام ہی لیکن ہماری عرف کے اعتبار سے معلمین اس کلیے مین داخل نہین اس
کہ جب معلم ملازم ہوا اور دوسرے لڑکے بھی اوسکے پاس پڑھتے ہین اور کچھ اوسے دیتے ہین تو ہر چند یہ آمد
معاوضہ اون نہین وقتون یا اوسی محنت کا ہی جسکی تنخواہ اوسکو دیجاتی ہی اور بیشک بوجہ تعلیم
دوسرے شاگردون کے کچھ حرج بھی ہوتا ہی مگر بوجہ عرف کے ایسا ہی سمجھا جاتا ہی کہ گویا اوسکی اجازت
ہوگئی ہی اور ایسے جبکہ نوکر رکھنے والا ممانعت کر دیتا ہی تو اونکو ایسے حقوق نہین رہتے اور دوسرے
ملازمین کا بھی ایسا ہی قیاس ہی **متفرقات** اجارہ مین خیار رویت و خیار عیب و خیار
شرط حاصل ہی (عالمگیری) اور تفصیل اسکی مثل تفصیل بیع کے ہی مگر ایسے اجارہ مین جنکا دیکھنا
اولاً ممکن نہین صرف بیان یا نمونہ کافی ہی جیسے کپڑا رنگوانا و دہلوانا سلوانا وکیل سے کام لینا
طبیب سے علاج کرانا ۲ اجارہ مین نفع موجود و مقصود ہوتا ہی اور بیع مین ملک پس جو چیز
نہین بیچی جا سکتی ہی اوسکا اجارہ بھی صحیح ہی (عالمگیری) جیسے بچہ شتر و اسپ بک سکتا ہی کیونکہ
ملک مال ہی نفع [illegible] تجارت موجود ہی مگر اجارہ جائز نہین کیونکہ انتفاع موجود نہین جیسے
سواری وغیرہ [illegible] اگر کوئی نفع خاص ملسکے [illegible] نہین جاری ہو اجارہ جائز ہی مثلاً
زید نے [illegible] ایک مکان کرایہ پر لیکر بکر کو کرایہ پر دیا [illegible] اجارہ پر دینا جائز نہین اگرچہ
شخص بھی [illegible] جیسے زید نے عمرو [illegible] کرایہ لیکر بکر کو دیا اب بکر وہ مکان زید کو نہین
دیسکتا ۵ [illegible] منع ہی جیسے [illegible] کرایہ پر دیا اور عمرو نے اوسکی [illegible]
اپنا مکان زید کو دیا ۶ ایسے شخص کو کرایہ پر دینا جس [illegible] فساد کا احتمال ہو بحسب تفصیل بیع
منع اور [illegible] ہی جیسے طوائف یا قمار [illegible] یا شراب فروش کو مکان یا دوکان کرایہ پر دینا ۷ غیر مقدور
التسلیم یا بعض معقود علیہ کو اجرت قرار دینے سے اجارہ فاسد ہوتا ہی جیسے دس من گیہون فلان مقام تک
لیجاؤ اوسمین ایک من اجرت تمہاری ہی اور نو من ہمارا اسلیے کہ حقیقت مین مزدور نو من گیہون
لیگیا اور دس [illegible] اجرت پائی [illegible] متعذر ہی کیونکہ اجرت وہ گیہون ہین جو

اجیر لیجائی اور یہ امر مستاجر کے اختیار مین نہین اور اگر یہ کہا کہ دس من گیہون لیجاؤ تو ایک من
گیہون اجرت دینگے یہ جائز ہی اسلیے کہ اب دس من پورے اجیر کو لیجانا اور بعد وصول اپنی اجرت طلب
کرنا لازم ہی اور مالک کو اختیار ہی کہ جو گیہون چاہی ادا کرے اور شکل اول مین اجیر خود مختار رہتا اور
ابتدا سے مالک کا حق منقطع ہو گیا تھا ایسی ہی سوت بننے کو دیا اور کہا کہ بعد تیاری اس قسم کا
اسقدر سوت یا کپڑا دیا جائیگا جائز ہی اور اگر کہا کہ ربع یا نصف خود لیلو ناجائز ہی ۸ ہر چہ یعنی مزدور
یا سواری بلائی اور قرار پایا کہ یہ کام کیا جائے یا نہ اجرت ضرور دیجائیگی لازم الادا ہی ۹ اجرت
تعلیم علوم دین یا اعمال یعنی ادعیہ و اذان وغیرہ جائز ہی اور واجب الادا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے احق ما اخذتم علیہ اجرا کتاب اللہ اور فرمایا اضربوا لی سهما (رواہما بخاری) اور یہ معاوضہ
صرف و حبس وقت کا ہی ذکر پاک سبحانہ تعالی کا عوض نہین ایسی گواہی کی اجرت بمقابلہ صرف وقت
جائز ہی ١٠ اقرار موت جائز ہی حدیبیہ مین اصحاب رضی اللہ عنہم سے موت پر بیعت ثابت ہی مگر اس
عقد کی غرض یہ نہین ہی کہ مر ہی جاؤ بلکہ کمال ثابت قدمی و سعی و جوانمردی لازم ہی پس نوکرے
فوج کی اور انکا اقرار کہ سربازی اور جان نثاری کرینگے جائز و صحیح ہین بشرطیکہ جائز معرکون مین
لڑین اور ظلم و کفر کی اعانت نہو اور تا بہ امکان کوشش و شجاعت اونپر لازم ہوگی نہ مر جانا ١١ نوکر کو
آقا کی تعظیم اور بعد معزولی مراعات اور لحاظ حق نمک امر شرعی نہین مگر متعارف ہی اور مروت کی
اعتبار سے مستحسن ١٢ ملازم پر جبر نہین ہو سکتا کہ وہ خواہ مخواہ کسی ایسے شخص کے اطاعت کرے جسکی اطاعت
اوسکی شرط مین داخل نہ تھی کیونکہ مزاج مختلف ہوتے ہین اور آدمی ہر مزاج کا متحمل نہین ہو سکتا
مگر جن سرکارون مین قواعد اور محکمے معین ہین وہان بحسب قواعد اون سب افسرون کی اطاعت جنکا
وہ ماتحت ہی یا ہو لازم ہی ١٣ گناہ مین نہ اطاعت ہی نہ اجرت جیسے گانا بجانا نوحہ گری ناجائز پیغام
رسانی ظالم حکام کے احکام کی تعمیل نامشروع فوائد کا اجرا سود خوارونکی طرف سے سود کا تقاضا
اوسکی وکالت حرام چیزون کو بیچنے یا بنانے یا اوسمین کسی قسم کے اعانت کی نوکری یا مزدوری یہ سب
ممنوع ہین اور بعض اینمین وہ امر ہین جنمین نہ اجارہ منعقد ہوتا ہی نہ اجرت لازم ہوتی ہی اور اگر اجرت مل بھی
گئی تو اوسمین ملک نہین آتی جیسے اجرت شراب کشی و قتل نفس مظلوم وغیرہ اور بعض مین بعد قبضہ کے
ملک خبیث آجاتی ہی اور مرتکب عاصی ہوتا ہی جیسے فساق اور ذلیل لوگون کی ممنوع امور مین نوکری اسکے

بنا پر کفار کی نوکری یا مزدوری اگرچہ صحیح ہو اور آثار صحابہ سے ثابت ہے لیکن جبکہ اونکی شوکت اور
قوت زیادہ ہو یا اسلام کو ضرر پہونچے یا غلبۂ اسلام کی اہانت ہو یا اونکو مذہبی عقائد اور اعمال کی اہانت ہو یا
شرائع اسلام کی مخالفت لازم آئے یا ضروریات دین مثل جمعہ و جماعت وغیرہ کی ادا کرنے میں مانع ہو تا جائز
ہے اور موجب معاصی ہے اور اگر تمام بلاؤن سے خالی صرف مزدوری ہو تو جائز ہے اور یہ حکم ایسی ممنوع نوکری
یا مزدوریون کا حالات یا وقعات کی اعتبار سے بدلجایا کرتا ہے اور اسی بنا پر فجار و فساق کی نوکری اور
اجرمین زیادہ اہتمام اور احتیاط لازم ہے کیونکہ غالبًا کام اونکے ممنوعات سے خالی نہین ہوتے اور اونکی صحبت
سے ایمان ضعیف ہوتا ہے میرے نزدیک کفار و فساق کی نوکری سے اونکی مزدوری اولیٰ ہے اسلیے کہ آقا
کو نوکر پر شفقت و اعتماد اور نوکر کو آقا سے محبت اور اعتقاد ہوتا ہے اور بحکم الناس علی دین ملوکہم اثر
زیادہ پڑتا ہے مزدور کو اسقدر تعلقات نہین ہوتے پس جسقدر ایسے اسباب تعلق قوی ہونگے ایمان ضعیف
ہوگا فافہم و اعمل مسئلہ جب کوئی اجیر کسی شرط کی مخالفت سے معزول کیا جائے پس اگر وہ مخالفت تخفیف
شدہ اور اجرت اجزاے عمل یا وقت پر منقسم نہو بلکہ مجموع کی اجرت ہو تو بالکل اجرت ضائع ہو جاوے
اگر تخفیف ہو یا اجرت منقسم ہے تو بحسب تفصیل تقسیم دینا چاہیے مسئلہ اجارات محض
اطمینان اور اعتماد اور پسند خاص پر مبنی ہین جیسے وکیل ۔ طبیب ۔ معلم ۔ عامل ۔ وغیرہ اونکی فسخ کے
لیے عذر صحیح کی ضرورت نہین اسلیے کہ یہ امور قلبی ہین اور دلیل انپر قائم نہین ہو سکتی لیکن جبکہ میعاد
کی اندر اجارہ فسخ کیا اجرت بقدر عمل یا وقت یا اثر عائد ہوگی مثلاً زید نے طبیب سے جسکو علاج سپرد
عرصہ دو ماہ علاج ترک کیا یا کسی عامل سے چالیس دن کا اقرار تھا بیس دن قطع کیا یا کسی وکیل کو جو چار روپیہ کا نوکر
یعنی اجرت کا مستحق تھا دو روپیہ کا کار دینے پر معزول کیا نصف اجرت دینا پڑیگی مسئلہ اکثر معمول اجارات ناجائز ہین جیسے کہ
یہ معمول ہے کہ کمینہ پیشہ ور حجام ۔ دھوبی ۔ چمار ۔ ماہی ۔ وغیرہ زمیندار و نکی ہر قسم کی کام کرنے پر لازم
مجبور کیے جاتے ہین اور صرف بعض تقریبات مین اونکو کچھ بطور انعام ملا کرتا ہے کوئی اجرت اور عمل
مخصوص اور معلوم نہین یہ سب شروط و اجبہ اور لزوم فاسدہ ہین اگر کچھ معاوضہ قلیل و کثیر معین
ہے اور کسی قسم معلوم کے کام کے وہ ذمہ دار ہون اور تقریبات اور فصل مین جو انعامًا ملا کرے تو منع
نہین اسلیے کہ وہی معین اصل اجرت ہے اور باقی انعام مسئلہ زید نے ایک مکان عمرو کو بکرایہ دیا اور قبضہ
سے پہلے زید کے ہاتھ بیچا یا کسی اور کو بکرایہ دیا بعض کے نزدیک صرف اجارہ اول لازم ہے مسئلہ ا

اجارۂ فضولی

فضولی بشروط مذکورہ بیع صحیح ہے ١٩ شریک اجرت کا مستحق نہین ہوسکتا جیسے زید و بکر ایک صندوق
کے بشرکت مالک ہین پھر زید بحکم بکر اوسے دوسرے شہر مین لیگیا اور ایکروپیہ اجرت قرار پائی اب بکر مستحق
اجرت نہوگا اسلیے کہ بکر ہر جزمین صندوق کا مالک ہے پھر اپنے چیز کی اجرت کیونکر لیسکتا ہے (ہدایہ) ٢٠
جس کام کا کرنا واجب ہو اوسکا اجارہ صحیح اور اجرت ساقط ہے اسلیے ماں اگر اپنے لڑکو دودہ پلانیکا اجارہ
کرے تو اجرت کی مستحق نہوگی اگرچہ اولا ماں پر دودہ پلانا واجب نہین مگر جبکہ پلایا تو گویا امر واجب ادا کیا
جیسے غلام پر نماز نہو اور حج ادا کرے تو جیسے واجب ہوجاتا ہے ٢١ زید نے بکر کو کسی کام کا ٹھیکہ دیا کہ جسقدر کام
ہو اوسقدر اجرت دیجائیگی مگر اس غرض سے کہ نہین معلوم کسوقت ضرورت ہو تمکو فلان وقت تک
حاضری ہو ضرور ہے اب بکر کو کام ہو یا نہو حاضری لازم ہے اسلیے کہ گویا بکر نے یہ شرط کی ہے کہ فلان وقت
سے فلان وقت تک ہرج نہونے پائیگا ٢٢ زید نے ٹھیکہ لیا کہ اس تمام مکان مین جسقدر چھپر یا خس کی
ٹٹیان مطلوب ہونگی یا جسکی ٹٹیونکو چھڑکنے کو یا فلان باغ سینچنے کو یا فلان جماعت کو ضروریات کو جسقدر
پانی مطلوب ہوگا یا ان مہمانونکے لیے جسقدر طعام یا فلان کتاب چھپنے مین جسقدر سیاہی یا فلان
مکان کی آرایش مین جسقدر فروش درکار ہون یا اس جلسہ کی روشنی مین جسقدر تیل صرف ہو وہ
سب اپنے پاس سے صرف کرونگا پس اگر مقدار اور وصف اون چیزونکا جو خرچ ہونگی بیان یا عرف
سے معلوم ہو جیسے اس قسم کا کہانا یا فلان قسم کا فلان فلان مقام کا فرش اور معاوضہ بقید سوال جیسے
فی مشک عہ یا فی چاندنی عـ یا فی سیر طعام ۲ تو یہ معاہدہ بیع ہے اور انعقاد اسکا روزانہ ہوا کریگا
اور معاوضہ معین ہے تو خیار رویت بھی رہیگا اور اگر قسم و مقدار معلوم ہے مگر ایک معین معاوضہ
جیسے ہزار روپیہ ماہوار تو یہ اجارہ ہے اور معقود علیہ فقط اثر ہے نہ وہ اشیا یعنی اوس مکان کا خس پوش
ہوجانا یا ٹٹیونکا تر ہونا یا باغ یا کھیت کا سیراب ہونا یا کتاب کا چھپ جانا یا آدمیون کا آسودہ ہونا
یا روشنی کا ہونا اور اوسکی نظائر کتب فقہ مین بہت ہین جیسے کپڑا زرد زعفران سے رنگدے یا اسیطرح
ریشم سے سیدے یا یہ کتاب شنجرف سے لکھدے یہان جو مال ہے اور اوسکی حد معلوم نہین مگر اصل
معقود علیہ وہی اثر ہے یعنی رنگنا سینا وغیرہ اور یہ اموال موقوف علیہ یا آلات یا توابع معقود علیہ
ہین اور پانی پینے اور حمام مین جانیکا عوض باتفاق جائز ہے باوجودیکہ کوئی شخص پانی کم پیتا ہو اور کوئی
زیادہ اور حمام مین بعض آدمی پانی کم گراتے ہین اور جلد فارغ ہوجاتے ہین اور بعض آدمی دیر تک

رہتی ہین اور سپاہی زیادہ صرف کرتی ہین اسلیے کہ ایسا جہاز جس سے بچاؤ مشکل ممکن ہے اور علوتا آدمی اور
پہریا نکر فی حیوان معاف ہی دکلام طیبی از حاشیۂ ترمذی شریف ص ۱۱۲) اور اسی بنا پر دودھ پلائی
اجارہ درست ہی اسلیے کہ معقود علیہ پرورش یا خدمت ہی اور دودھ اوسکا تابع یا موقوف علیہ
جنکہ جب عین شی معقود علیہ کی موقوف علیہ یا آلہ یا تابع ہو تو اوسکا بھی داخل ہوجانا مضر نہیں
البتہ مجرد عین شی پہ اجارہ نہیں ہوسکتا جیسے چرائی کا اجارہ جسمین گھاس عین معقود علیہ ہی اور
تقریر یہ کہ اسمین بھی جانور کی پرورش مقصود ہے باطل ہی کیونکہ یہان پرورش صرف گھاس سی ہوتی
اجیر کو دخل نہین البتہ اگر مالک زمین یہ کہے کہ مین تیری ہاتھ جانور اتنے روپیے پر اپنی پاس رکھ
کر معقود علیہ چرانا اور گھاس آلہ ہی اور اجارہ صحیح (مفہوم از عالمگیری) یا زمین کا اجارہ
اور گھاس وغیرہ پر بطور منافع تصرف کرے مسئلہ ایسے اجارہ نہین جو مال لگایا جاوے وہ بعد تمام
یا فسخ اجارہ جسقدر باقی رہی اجیر کی ملک ہی اسلیے کہ مستاجر کو صرف انتفاع اور اثر سے تعلق تھا
شئے سے جیسے شمس کی ٹکیان یا کھانا یا سامان روشنی وغیرہ بچا ہوا یا وہ پرزے جو کسی آلہ مین لگا
تو جیسے بچے بیچا جائیگا مسئلہ زید نے بکر کو ایک کتاب چھاپنے کا ٹھیکہ دیا اور پریس اور تھ چھاپ
اس سے دیا اور قرار پایا کہ جو مدت مطلوب ہوگی وہ بکر کرے گا پس بکر نے جسقدر روشنائی
اور کاغذ وغیرہ مطلوب تھا خرچ کیا اور پریس کے بعض پرزون کی مرمت کرائی اور کچھ پرزے جو بیکار ہو
گئے تھے اپنی پاس سے نئے بنوائی پھر ٹھیکہ تمام ہوا اب سیاہی اور کاغذ بچا ہوا اور وہ نئے پرزے جو بکر نے
لگائے تھے بکر کے ہین مگر وہ پرزے جنمین صرف مرمت کی تھی اوسمین بکر کو کچھ حق نہین اسلیے کہ بکر نے
تبرعاً اپنا مال صرف کیا اور زید نے کوئی کرایہ اپنی آلات کا بکر سے نہین لیا پس زید اس زر مرمت
کا ضامن نہیں اور اگر کرایہ بھی لیا ہوتا اور وہ پرزے بدون اس مرمت کی بھی بحسب قرارداد نفع
دیتے تو بھی زید ضامن نہوتا لیکن ان صورتون مین بکر کسی نقصان کا جو اسکے قصد سے
ہو ضامن ہی مثلاً بیچا رسانی یا اجارہ جو استعمال شروط مین ناقص ہون اونکا ضمان نہین ۲۳ نہر یا کنوان
اجارہ پر لے الا یہ کہ کنوان یا نہر کل یا اوسکا کوئی حصہ کرایہ پر لیلیا تو پانی تبعاً داخل ہی (عالمگیری)
مسئلہ جو پانی سقہ پانی مقام موعود پر پہنچا دیوے صحیح ہی ۳ پھر کہ مالک کسی کل یا نہر ہی کر توڑ دے
کہ دوسرے پانی بہا دیوے یہ بھی من قبیل اجرت ہی ۲ صرف اجازت دیدے اور مستاجر اپنی کل سے

۱۲

یا نہر کاٹ کر پانی لیوے جائز نہیں **مسئلہ** زید کا مکان ایک بلند دیوار کے پاس ہے اسطرح
کہ صاحب دیوار اگر دروازہ کہولدے تو زید کے مکان مین روشنی یا ہوا آسکے اسکا معاوضہ جائز ہے
ہر چند روشنی اور ہوا مملوک نہین مگر زید کو ایک مرغوب فائدہ پر قدرت دیگئی اور حق امتناع جو زید کو
حاصل تہا اوٹہا لیا گیا **۲۴** چراگاہ اور شکارگاہ اور تالاب وغیرہ کا اجارہ بدین غرض کہ گہاس یا
شکار یا مچلیان یا اور کوئی شئے حاصل کرے جائز ہے مگر معقود علیہ زمین ہے اور دوسری چیزین
عقد مین داخل نہون گی **۲۵** زید نے عمرو سے کچھ اشعار کہلائی یا نثر لکھوائی یہ اجارہ صحیح و لازم ہے
اور نظیر اسکے اجارہ مصنوعات ہے جیسے کہانا پکانا رنگنا دہونا یا وکیل کی تقریر یا طبیب کا علاج
کیونکہ ان سب مین نہ وصف کافی معلوم ہو سکتا ہے اور نہ آخرکار یہ چیزین قابل رویت ہین **۲۶**
اجارہ بطور تعاطی بہی منعقد ہوجاتا ہے جیسے کشتی پر بیٹھ گئی (عالمگیری)
اور دوسرے مقام پر اجرت دیکے احکام وجوب تنخواہ و استحقاق تعطیلات ملازمین کے ایام تعطیل
و رخصت جبکہ مشروط و معین ہون انکی تنخواہ تابع اور فرع ایام خدمت کی ہے یعنی اگر ایام خدمت
کامل ہین تو پوری تعطیلین ملینگی ورنہ کم مثلاً زید فی ماہ چار دن تعطیل کرتا ہے پس کل ایام خدمت
غالباً ۲۶ یوم ہوئے اب اگر زید نے صرف ۱۳ دن نوکری کی ہے تو دو ہی یوم تعطیل ملنا چاہیے اسلیے کہ
اگر تنخواہ تعطیلات تبرعاً و انعاماً سمجھے جاوے تو واجب الادا نہو گی کیونکہ احسان و انعام واجب نہین ہے
اور اگر مستقل ہے تو بے خدمت لازم نہو گی اسلیے کہ عوض بدون معوض کے ثابت نہین ہوتا اور ان
دونون صورتون مین لازم آئیگا کہ اگر کوئی شخص تمام ماہ غیر حاضر رہے تو بہی تعطیلات کی تنخواہ پا سکتا
ہے حالانکہ یہ سب باتفاق باطل ہے ہر چند ان معاملات مین عرف معتبر ہے مگر **۱** اسکا عرف مختلف ہے اور یہ غیر معتبر ہے جیسا کہ
بحث عرف مین گزرا ہے **۲** اگر مختلف نہوتا تو بہی معتبر نہین ہو سکتا کہ جو عرف عقل و انصاف و اصول شرع کے خلاف ہو
وہ مردود ہے **۳** ہمارے زمانہ کا عرف قیاس پر راجح نہین ہو سکتا پس اس مقام پر اوسیقدر عرف
جو انصاف سے متجاوز نہو ملحوظ ہو سکتا ہے **۴** سبب استحقاق تعطیل کا مجموعۂ ایام
خدمت ہے اور وجوب اداء جزو متصل سے ہوگا مثلاً جمعہ اسکا استحقاق کامل تب ہوگا

جبکہ شنبہ سے پنجشنبہ تک متصل خدمت کرے اور جب جزو متصل ہے یوم پنجشنبہ تمام ہوا اجرت یوم جمعہ
واجب الادا ہوی اسلیے کہ کوئی شخص راضی نہیں ہوتا کہ صرف دو دن وہ کی نوکری میں تمام یوم جمعہ
تعطیل دو بلکہ چھ یوم کام کے بعد ایک یوم دیا جاتا ہے ایسی ہی دوسری تعطیلیں مثل عید وغیرہ
بھی مہینے کیطرف منسوب اور ایام سابقہ سے متعلق ہیں پس تعطیل عید الفطر لوونگی مجموعہ
تعطیل عید الفطر آخر یوم رمضان یا رویت ہلال پر موقوف اب اسکی آگے شکلیں ثابت ہیں مثلاً
[illegible] بیچ کی ہفتہ یا تاریخ پس ۱ ابتدا میں غیر حاضر رہا جیسے شنبہ سے دوشنبہ تک ۲ انتہا میں غیر حاضر
ہوا جیسے شنبہ سے پنجشنبہ تک ۳ درمیان میں غیر حاضر رہا جیسے دوشنبہ سے چہارشنبہ تک ان صورتوں میں تعطیل
ملیگی ۴ آخر یوم میں نوکر ہوا ۵ آخر و اول میں نوکر تھا صرف درمیان میں برطرف ہو گیا تھا تعطیل
کا مال ملیگا ۶ آخر یوم یا پنجشنبہ کو برطرف ہوا تعطیل بالکل نملیگی ۷ رخصت ہیت یوم متصل تک
اگر بلا وضعات ہو تو کل تعطیل ورنہ بقدر خدمت (اگر کی ہو) ملیگی ۸ عید وغیرہ کی تعطیلات کرلو
متصل میں حاضر تھا اور اول سے کچھ غیر حاضری تو اگر یہ ہو کہ تعطیل وضع نکی جاے ۹ تقسیم حصہ
تنخواہ کا اون ایام کے اعتبار سے ہوگا جو بعد وضع تعطیلات باقی رہیں پس زید سو روپیہ ماہوار کا
ہے [illegible] مہینا ۹ یوم اور چار جمعو نکا حساب ۲۵ یوم خدمت ہے تو للعہ یومیہ لیا دیا جاے اور اگر ۳
۶ یوم غیر حاضر بھی ہے تو للعہ وضع ہونگے شراکت اگر قسمیں ہیں ۱ دونو طرف سے مال
۲ دونو طرف سے عمل ۳ دونو طرف سے مال و عمل ۴ ایکطرف سے مال و عمل [illegible]

[illegible]

دوسری طرف سے صرف عمل ۵ ایکطرف سے مال و عمل دوسری طرف سے صرف مال ۶ ایکطرف سے
مال دوسریطرف سے عمل ۷ کسی طرف سے مال نہین ہے قرض لیکر تجارت کرتے ہین پس قسم اول و سوم
و پنجم مفاوضہ ہر یا عنان و قسم دوم صنایع ہر یا چہارم و قسم ششم مضاربت ہر اور ہفتم شرکت فی الوجوہ
اور چہارم فاسد **اصول شراکت** ۱ چاہے جسقدر آدمی باہم شریک ہون جائز ہے ۲
شراکت عروض مین جائز نہین اگر جانبین سے نقد نہو تو ہر شریک اپنا نصف مال دوسرے کے ہاتھ بیچکر
شراکت کرے مثلاً زید و بکر برابر کے شریک ہین اور زید کے پاس دس تھان پارچہ قیمتی سو روپیہ اور
بکر کے پاس پچاس دریان قیمتی سو روپیہ کی ہین اب زید نصف دریان پچاس کو بیچے تاکہ بکر
اوسمین برابر کا شریک ہو جاوے اور بکر بھی وہی تھان زید سے بیچکر اوسے شریک کرلے تاکہ جو نسبت
اصل مال مین ہے کچھ تفاوت خیال مین نرہے ۳ مقدار مجہول سے شرکت جائز نہین مثلاً
اس شیرینی مین شکر زید کی اور روغن وغیرہ جسقدر مطلوب ہو بکر کا ان عمل مین جبل مقرر نہین
مثلاً جسقدر کوشش اور محنت ہو وہ بکر کرے گا اور زید ہزار روپیہ دیگا یہ جائز ہے ۴ منافع مین تعیین
اور تخصیص جائز نہین مثلاً دوسرے کو ملیگا یا فلان کھیت یا درخت یا مال کا جو نفع ہو وہ زید کا یا
نصف منافع اور پانچ روپیہ اسلیے کہ ممکن ہے کہ نفع مقدار معین سے کم یا برابر ہو یا اوسی شے خاص
مین نفع ہو اور مال مین نہو یا بالکل اوسمین نفع نہو لیس یہ سب صورتین موجب نزاع اور قاطع
شراکت ہین شرکت اس سے فاسد و واجب الفسخ ہو جاتی ہے ۵ نفع یا مال یا عمل کم ہو یا زیادہ
ہر شخص اپنے معاملے کا ذمہ دار اور اپنے شریک کا وکیل و کارگزار ہے مگر شرکت مفاوضہ مین کفیل و ضمین
ہر پس جو شے ایک شریک کے ہاتھ بیچے اوسے سے تقاضا کرے اور وہ اپنے شریک سے بقدر حصہ وصول کرے
مگر مفاوضہ اور شرکت صنائع مین دونو مستحق اور مستحق ہین ۶ شرکا باہم امین ہین پس جو شے ایک
شریک کے پاس ضائع ہو اوسکا تاوان نہ دینا پڑیگا مگر جبکہ اسکا قصور ہو یا شروط قرارداد یا عرف
تجار کے مخالفت کی ہو ۷ شرکا مختار ہین کہ حسب عرف تجار و امور قرار یافتہ ایک دوسرے کی غیبت
و حضور مین معاملات کیا کرین اور جو نفع و نقصان اوس سے ہو وہ مشترک ہے ۸ کسی شریک کو
وس امر خاص مین جسمین شریک تنہا اختیار نہین کہ کوئی علحدہ معاملہ کرے اور بخاص نفع اوٹھالے
۹ جسطرح امانت چلنے یا ڈوبنے کے خوف سے اجنبی کو مال حوالہ کردے تو ضامن نہوگا شریک بھی

حالت ضرورت و اضطراب مین کوئی امر خلاف قرار داد کرے تو اس خیال سے کہ بے اسکی بچاؤ
مشکل یا محال ہے تو لازم نہین ۸ تقسیم شرکت کو باطل کرتی ہے ۹ کسی شریک کا بغیر اجازت اپنے حصہ کے
ہبہ یا فروخت یا رہن کرنیکا اختیار نہین ہے جبتک دوسرے شرکا منظور نکرلین اور خریدار کو مال
پر قبضہ ندیدین اور بعد قبضہ شرکت اول فسخ ہوگی اور مشتری سے از سر نو معاہدہ ہوسکتا ہے اسلیے کہ
بیع بشرط شرکت جائز ہے نہ شرکا فی عموماً و استحقاقاً قبول کیا ہے ۱۰ غیر مذہب سے شراکت نکرے
اسلیے کہ مفضی الی النزاع ہے اشباہ مین ذمی کی شراکت کو مکروہ لکھا ہے عالمگیری مین ہے کہ نصرانی سے
مضاربت مکروہ ہے اور معاملات فاسد کرے تو نا جائز چونکہ غیر مذہب والے سے خلاف شرع
امور ضرور ہونگے اور غالبا ہونگے لہذا اوسکی شرکت سے احتراز لازم ہے واللہ اعلم ۱۱ اجیرین و کالت نہین شراکت نہین
پس وعظ گوئی اور تقریر مین شراکت جائز نہین ۱۲ استحقاق نفع کا خواہ بعوض مال ہوتا ہے جیسے رب المال کو خواہ
بوجہ عمل کے جیسے مضارب کو خواہ بوجہ ضمان و ذمہ داری کی جیسے شراکت فی الوجوہ مین اور جہان تینون
سے کوئی بات نہو تو نفع کا استحقاق نہوگا مسئلہ زید نے بکر کو عمرو سے سو روپیہ قرض دلوا دیے
پس اگر خود ذمہ دار ہے اور عمرو کو بکر پر کچھ دعوی نہین تو زید بکر کا نفع مین شریک ہوسکتا ہے نہین تو نہین
۱۳ نفع مین مال اور محنت کا اعتبار نہین بلکہ اول ضمان بعد ازان شرط و عہد (مجلہ) یعنے اگر دو
شریکون مین یہ قرار پایا کہ جو مال یا روپیہ قرض لیا جائیگا اوسمین زید چہارم یا نصف کا ضامن ہے باقی کا بکر ذمہ دار ہے
اسصورت مین زید بقدر ضمان و بکر بقدر ضمان نفع پائیگا اور جو عہد و شرط اسکے خلاف ہو معتبر نہوگا اور اگر ضمان نہو یعنے اگر
زید کا مال سو روپیہ اور محنت چار آنہ روپیہ اور بکر کا مال پچاس روپیہ اور محنت دو گنہ روپیہ ہے اور نفع
[illegible] قرار پایا تو جائز ہے غرضکہ شرط و عہد کا اعتبار ہے مگر جبکہ روپیہ مین ضمان ہو مثلا زید و
بکر [illegible] اور زید [illegible] کا اور بکر پچیس کا ذمہ دار [illegible] ضامن ہوا تو اسصورت مین بکر
[illegible] سے [illegible] اگر عہد اسکے خلاف ہو وہ معتبر نہین غرضکہ مال مین ذمہ دار ہو
تو نفع [illegible] ہوگا [illegible] ۱۴ نقصان بقدر مال ہے (مجلہ) یعنے اگر تجارت مین
نقصان [illegible] خواہ [illegible] بیش و کم مگر نقصان مال پر تقسیم ہوگا جیسے زید کا سو اور
[illegible] روپیہ [illegible] دو حصہ نقصان کی زید پر اور ایک حصہ بکر پر عائد ہوگا ۱۵ شریک اپنے شراکت
[illegible] جبر نہ کرسکتا [illegible] اسلیے کہ شریک مامور نہین ہوسکتا مگر جبکہ

زید کو کوئی چیز اپنے ہاتھ سے بنا کر بکر شریک کو ہاتھ بیچے اور یہ چیز اوس غرض کی تجارت مین داخل کیجاے اور
جائز ہے کہ تجارتی جماعتون مین بعض شرکا بھی بطور اجیر کام کرین اسلیے کہ ایسی جماعتون مین کسی شریک
کو کچھ اختیار نہین رہتا بلکہ سب ایک قاعدہ کے زیر فرمان قرار پاتے ہین اور منتظم آمر متصور ہوتا ہے
نظیر اسکی اگرچہ زمانہ سابق مین نہین ملسکتی مگر بعض خلفا کا اپنے لیے وظائف معین کرنا یا اپنے معاملہ
مین دوسرے کو قاضی بنانا اس امر کو ثابت کرتا ہے کہ کسی قاعدہ کا واجب العمل ہو جانا اوسکی پابندی
حریت کی حد سے گرا دیتا ہے - اور ظاہر ہے کہ خاص شرکت مین اگر کسی شریک سے حیثیت آمریت سے
ترجیح کیجاے تو امر بدون آمر کے رہجائیگا اور صرف دوسرے شریک کو آمر قرار دینے سے ترجیح بلا مرجح
لازم آئیگی بخلاف تجارت عام کے کہ اسمین کسی شریک کو ہرگز کچھ مداخلت نہین ہوتی ہے [۱۸] جس چیز مین وکالت باطل
شرکت بھی باطل ہو جائیگی کہ شرکا دین یا در المسلمین برابر ہین اور جملہ کاروبار مین شریک ہین یہ شرکت مفاوضہ ہے اشکال پنجم
مفاوضہ مین داخل نہین ہے نفع و نقصان اسمین مساوی ہوگا [۳] اسمین دونو باہم کفیل
نہین ہین جو دیون و دعاوی من حیث تجارت عائد ہون اونمین دونو شریک ہونگے اور ایک
اگر کچھ خریدا یا بیچا یا ضمانت کی یا قرض لیا دیا دوسرا بھی ماخوذ و مستحق ہوگا بخلاف اون معاملات کے
حیثیت تجارت نہون جیسے صدقہ ہبہ یا اذن مدیون ادائے قرض یا ضمانت یا بدل خلع یا دین
یا کفالت یا میراث یا انعام وغیرہ لینا دینا یا جو معاملات ذاتی خانگی طور پر کیے جائین جیسے غلہ لباس
وغیرہ خریدنا ان سے دوسرے کو کچھ واسطہ نہین مگر جبکہ کسی وجہ سے ایک شریک کا وہ مال جو اس تجارت
شرکت کے قابل تھا کم زیادہ ہو گیا تو یہ شرکت عنان ہے شکل پنجم بھی اسمین داخل ہے
مین اختیار ہو کہ بعض انواع مین شرکت کرے اور بعض مین نکرے اور اگر ایک طرف سے عمل اور
دوسری طرف مال ہے تو اسی مضاربت کہتی ہین [۱] شرط ہے کہ مال مضارب کے قبضہ مین دیدیا
ہے اور بحسب قرارداد یا عرف تجار اوسے ہر قسم کے تصرف کا موقع ملے پس رب المال کو یہ شرط
لگانا کہ مین بھی عمل مین شریک رہونگا یا تمام امور میری اجازت پر موقوف رہین یا مال میرے
قبضہ یا حفاظت مین رہیگا یا اور ایسی شرطین جو مضارب کو پوری کوشش و تدبیر سے روکین
اسباب تجارت سے ہون مضاربت کو فاسد کرینگی ہان بدون شرط مالک کوئی کام کرے یا اپنے
کی حفاظت کرے یا احتیاطاً کسی خاص قسم کی تجارت یا مقام وغیرہ معین کرے یا مالک بعض معاملات

[illegible]

تجارت ہو یا قرض یا سفر وغیرہ سے منع کردیوے تو جائز ہے اور شرطین لازم ہے۔ مضارب امین ہے مگر جبکہ
شرط کی خلاف کرے اور کوئی شرط نہو تو عرف تجار کی خلاف کرنے مین ضامن بنایا جائیگا۔ مضارب
نفع مین بحسب قرارداد شریک ہے اور نقصان اوسکے ذمے نہین ہان اگر مال مین کچھ نفع ہے تو اوس
نفع نقصان مین وضع ہوگا پھر کچھ بچے تو مضارب اوسمین شریک ہے ورنہ اپنے پاس سے نہ دیگا۔
[illegible] یا انقضاے مدت سے شرکت فسخ ہوجاتی ہے مگر جبکہ رب المال قبل مدت یا بعد مدت نہو تو اپنی خ
سے مضارب کو معزول کرے تو مضارب کو اختیار ہے کہ مال بیچکر روپیہ کرے نفع و نقصان کا حساب کروا
[illegible] مضارب بوقت قبض مال امین اور بوقت معاملہ وکیل اور جب نفع ہو تو شریک اور مضاربت
فاسد ہو تو اجیر اور مخالفت کرے تو غاصب و ضمین ہے۔ جب مضارب ایسا سفر کرے کہ شب کو
گھر مین نہ رہے تو خرچ ذمہ راس المال ہے۔ رب المال کو اختیار نہین ہے کہ کوئی چیز کم قیمت
مثل سے در صورت مضاربت بیچے یا خود خرید لے۔ اگر مضاربت فاسد ہوجاے تو اجرت مثل دیجا
جائیگی اور اگر دو نو طرف سے عمل ہو جیسے خیاط و نان پز وغیرہ یہ شرکت صنائع ہے ہر ایک دوسرے کے
تقاضے اور اجرت کا ماخوذ و مستحق ہے۔ اور جو نفع قرار دین صحیح ہے۔ شریک بعذر یا بلا عذر کام نکرے
تو بھی نفع کا مستحق ہے اسلیے کہ نفع عوض ضمان مال ہے (احکام العدلیہ) ایسی صورتمین چاہیے کہ
شریک سے اجازت لیکر اوسکی طرف سے دوسرا اجیر معین کرے۔ اور اگر چند آدمی کوئی مال قرض لیکر
بیچا کرین تو یہ شرکت فی الوجوہ ہے اسمین نفع بقدر ذمہ داری ہے اور ہر ایک دوسرے کا وکیل ہے۔ مال
مباح بالوضمین شرکت جائز نہین جیسے جنگل کی گھاس۔ شکار۔ دریا کی مچھلیان کیونکہ یہ کسی کے
مملوک نہین اور تقدیم سے حق قابض کا متعلق ہوجاتا ہے۔ مسئلہ زید نے جب عمرو کو ایک مال مین شریک کیا
اور زر حصہ بطور قرض رہا تو عمرو مال مشتری کا مستحق ہوا الخ اور زر شرکت کا ذمہ دار ہے۔
مزارعت آپس مین زراعت کرنا یہ ایک قسم کی شرکت ہے اور محل اسکا زمین اور زمین کی تین
قسمین ہین ملکی مملوک مگر سلطانی خراج یا عشر دینا پڑتا ہے غیر مملوک جو اجارے پر لیجاے۔ خواہ
مملوکہ ہو یا کسی سے بعاریت لی ہو مگر خراج وغیرہ اوسمین نہو۔ قسم اول و دوم مین تمام شروط یعنی
تعیین وقت و مقدار اجرت وتعیین قسم منفعت وغیرہ کا لحاظ لازم ہے۔ اور سوم مین اگر مملوک ہے تو
[illegible] مستعار ہے تو اوسکی لوازمات کی پابندی ہوگی پھر اگر کھیت شرکت کیا ہے تو اسکی پابنچ

صورتین جائز ہین باقی فاسد اول زمین ایک شخص کی اور عمل اور مصارف دوسرے کے یہ اجارہ
ہے دوم زمین وکل مصارف ایک کی صرف عمل دوسرے کا سوم زمین اور تخم ایک کا اور عمل
و بقر دوسرے کا یہ مضاربت ہے چہارم زمین کسی اور کی ہو اور مصارف ایک شریک کے ذمہ ہو اور عمل
دوسرے کے ذمہ یہ شرکت فی الوجوہ ہے پنجم دونون عمل اور مصارف مین شریک ہون یہ شرکت ہے باقی
اور صورتین مخالفت اصول شرکت کی وجہ سے جائز نہین اور مزارعت فاسدہ بغیر مخالفت
اشکال و شروط مذکورہ مین ایک روایت مین کہ صاحب زمین غلہ وغیرہ کا مالک ہو اور دوسرے شریک کو اجر
اجرت اور جو خرچ کیا ہو وہ پاسکیگا اور ایک روایت مین ہے کہ صاحب تخم مالک اور صاحب زمین
اجرت پاسکیگا (ہدایہ) اور اسی پچھلی روایت کی تصدیق حدیث مرفوع سے ہے جو امام محمد نے
آثار صفحہ ۱۰۳ مین نقل کیا ہے ہوتی ہے اور محل زراعت زمین ہے اور مصارف اسکے تخم خراج اور وہ
مزدوریان جو عرفاً یا صراحتاً مزارع کے ذمہ کی گئی ہون یا جو کام تا مزارع کی قوت سے خارج ہون
دو آدمی مزارع ہین وہ سب کھیت اپنے ہاتھ سے کاٹکر غلہ علیحدہ نہین کرسکتے یا اگر زمین زیادہ ہے تو
اوسکا سینچنا یا جوتنا انکی قوت سے خارج ہے ایسی سب صورتون مین یہ مزدوریان داخل
مصارف ہین اور آلات اسکے بیل اور سرس وغیرہ ہین یہ اگر ذمہ مزارع کردیے جائین تو داخل
عمل ہین جسطرح مضارب اپنے آلات کے ذریعہ سے سرمایۂ تجارت کی اصلاح کرسکتا ہے یا جیسا اپنے
ہنر یا روپیہ سے صناعت کرتا ہے اور مصارف اوسکے جیسے دانہ بھوسا وغیرہ بھی ذمہ مزارع ہوسکتے ہین
اسطرح وہ خود کام کرتا ہے اور اپنا پیسہ سے کھاتا ہے اور اگر ذمہ مالک کیجائین تو بھی جائز ہے
کیونکہ متعلق مصارف ہین غرضکہ آلات من وجہ مال ہین اور من وجہ عمل ہین انکی نسبت
دونو طرف جائز ہے یہ امر ضرور ہے کہ مزارعت مین اصول شرکت کا لحاظ رہے مزارع کو مثل مضارب
اختیار کامل دیا جاوے نفع معین و مخصوص نہو جیسے سو روپیہ یا صرف بھوسہ یا گیہون وغیرہ
اخراج و اجارہ مین اختیار ہے کہ کل معین کرے یا مال لے یا کوئی مال ۔ مگر عمل اور مال مین
ین وغیرہ ضرور ہے مثلاً اسقدر روپیہ یا گیہون یا بھوسہ یا فلان کام مگر یہ جائز نہین کہ جسقدر
بھوسہ یا گیہون پیدا ہو یا فلان کھیت کا غلہ اسلیے کہ جائز ہے کہ وہ شے بالکل نہو یا امید سے زیادہ ہو
یہ شرطین کہ بوقت ضرورت رہا یا کچھ کام یا کسیقدر مال سے اعانت کرے یا کسی قسم کے حقوق اپنے خاص

تجارت سے یا قرض یا سفر وغیرہ سے منع کر دے تو جائز ہے اور شرطین لازم ہین مضارب امین ہے مگر جبکہ
شرط کی خلاف کرے اور کوئی شرط نہو تو عرف تجار کی خلاف کرنے مین ضامن بنایا جائیگا مضارب
نفع مین حسب قرار داد شریک ہے اور نقصان اوسکے ذمہ نہین ہان اگر مال مین کچھ نفع ہو تو اوسکا
نفع نقصان مین وضع ہوگا پھر کچھ بچے تو مضارب اوسمین شریک ہے ورنہ اپنے پاس سے نہ دیگا
... یا انقضائے مدت شرکت فسخ ہو جاتی ہے مگر جبکہ رب المال قبل مدت یا مدت نہو تو اپنی خ
... رب کو معزول کرے تو مضارب کو اختیار ہے کہ مال بیچکر روپیہ کرے نفع و نقصان کا حساب کروا
... مضارب بوقت قبض مال امین اور بوقت معاملہ وکیل اور جب نفع ہو تو شریک اور مضاربہ
فاسد ہو تو اجیر اور مخالفت کرے تو غاصب و ضمین ہے جب مضارب ایسے سفر کرے کہ شب کو
گھر مین نرہے تو خرچ ذمہ راس المال ہے رب المال کو اختیار نہین ہے کہ کوئی چیز کم قیمت
مثل سے بدرضامندی مضارب بیچے یا خود خرید لے اگر مضاربت فاسد ہو جائے تو اجرت مثل دلوائی
جائیگی اور اگر دو نوکرت سے عمل ہو جیسے خیاط و نان پز وغیرہ یہ شرکت صنائع ہے ہر ایک دوسرے کے
تقاضے اور اجرت کا ماخوذ و مستحق ہے اور جو نفع قرار دین صحیح ہے شریک بلا عذر یا بلا عذر کام نکرے
تو بھی نفع کا مستحق ہے اسلیے کہ نفع عوض ضمان مال ہے (احکام العدلیہ) ایسی صورتمین چاہیے کہ
شریک سے اجازت لیکر اوسکی طرف سے دوسرا اجیر معین کرے اور اگر چند آدمی کوئی مال قرض لیکر
بیچا کرین تو یہ شرکت فی الوجوہ ہے اسمین نفع بقدر ذمہ داری ہے اور ہر ایک دوسرے کا وکیل ہے
مباح مالونمین شرکت جائز نہین جیسے جنگل کی گھاس شکار دریا کی مچھلیان کیونکہ یہ کسی کے
مملوک نہین اور تقسیم سے حق قابض کا متعلق ہو جاتا ہے مسئلہ زید نے جب عمرو کو ایک مالمین شریک کیا
اور زرحصہ بطور قرض رہا تو عمرو مال مشتری کا مستحق ہوا الکھی اور زرشرکت کا ذمہ وار ہے
مزارعت آپس مین زراعت کرنا یہ ایک قسم کی شرکت ہے اور محل اسکا زمین اور زمین کی تین
قسمین ہین مملوک مگر سلطانی خراج یا عشر دینا پڑتا ہے غیر مملوک جو اجارے پر لیجاوے خواہ
... یا کسی سے بعاریت لی ہو مگر خراج وغیرہ اوسمین نہو قسم اول و دوم مین تمام شروط
... و مقدار اجرت و تعین قسم منفعت وغیرہ کا لحاظ لازم ہے اور سوم مین اگر مملوک ہے تو
... مستعار ہے تو اوسکی لوازمات کی پابندی ہوگی پھر اگر کھیت شرکت کیا ہے تو اسکی پانچ

صورتین جائز ہین باقی فاسد اول زمین ایک شخص کی اور عمل اور مصارف دوسرے کیطرف سے یہ اجارہ ہے دوم زمین وکل مصارف ایک کیطرف عمل دوسرے کا سوم زمین اور تخم ایک کا اور عمل وکل مصارف دوسرے کا یہ مضاربت ہے چہارم زمین کسی اور کی ہو اور مصارف ایک شریک کے ذمہ ہو اور عمل دوسرے کے ذمہ یہ شرکت فی الوجوہ ہے پنجم دونون عمل اور مصارف مین شریک ہون یہ شرکت ہے باقی اور صورتین مخالفت اصول شرکت کی وجہ سے جائز نہین اور مزارعت فاسد یعنی مخالف اشکال و شروط مذکورہ مین ایک روایت یہ ہے کہ صاحب زمین غلہ وغیرہ کا مالک ہے اور دوسرے شریک کو اجرت اور جو خرچ کیا ہے وہ پاتے ہیں اور ایک روایت مین ہے کہ صاحب تخم مالک اور صاحب زمین اجرت پائیگا (ہدایہ) اور اسی پچھلی روایت کی تصدیق حدیث مرفوع سے جو امام محمد نے آثار صفحہ ۱۰۹ مین نقل کیا ہے ہوتی ہے اور محل زراعت زمین ہے اور مصارف اسکی تخم خراج اور وہ مزدوریان جو عرفا یا مرا اشخاص مزارع کے ذمہ نکی گئی ہون یا جو کام مزارع کی قوت سے خارج ہون یا دو آدمی مزارع ہین وہ سب کھیت اپنے ہاتھ سے کاٹکر غلہ علیحدہ نہین کرسکتے یا اگر زمین زیادہ ہو تو اوسکا سینچنا یا جوتنا انکی قوت سے خارج ہے ایسی سب صورتون مین یہ مزدوریان داخل مصارف ہین اور آلات اسکے بیل اور ہل وغیرہ ہین یہ اگر ذمہ مزارع کردیے جائین تو داخل عمل ہین جسطرح مضارب اپنے آلات کے ذریعہ سے سرمایہ تجارت کی اصلاح کرسکتا ہے یا جیسے اپنے ہتھیارون سے صناعت کرتا ہے اور مصارف اوسکے جیسے دانہ بھوسا وغیرہ بھی ذمہ مزارع ہوسکتے ہین جسطرح وہ خود کام کرتا ہے اور اپنے پاس سے کھاتا ہے اور اگر ذمہ مالک کیجائین تو بھی جائز ہے اسلیے کہ متعلق مصارف ہین غرضکہ آلات من وجہ مال ہین اور من وجہ عمل پس انکی نسبت دونو طرف جائز ہے سلا ضرور ہے کہ مزارعت مین اصول شرکت کا لحاظ رہے سے مزارع کو شل مضارب کے اختیار کامل دیا جاے سے نفع معین و مخصوص نہو جیسے سو روپیہ یا صرف اسقدر بھوسہ یا گیہون وغیرہ سے خراج و اجارہ مین اختیار ہے کہ تل معین کرے یا مال لے یا کوئی مال۔ مگر عمل اور مال مین تعین وغیرہ ضرور ہے مثلاً اسقدر روپیہ یا گیہون یا بھوسہ یا فلان کام مگر یہ جائز نہین کہ جسقدر بھوسہ یا گیہون پیدا ہو یا فلان کھیت کا غلہ اسلیے کہ جائز ہے کہ وہ شے بالکل نہو یا امید سے زیادہ ہو اور یہ شرطین کہ بوقت ضرورت رہنا یا کچھ کام یا کسیقدر مال سے اعانت کرے یا کسی قسم کے حقوق اپنے ذمہ

واجب سمجھی مفسد عقد مین البتہ اگر کوئی امر معین و معلوم طے ہو کر شامل اجرت سمجھا جاوے
مضائقہ نہین مسئلہ سلاطین اور زمیندار اکثر زمین وغیرہ معاف کر دیتے ہین اس مین اگر کسی قسم کے
اعانت اور خدمت غیر معین کی شرط ہو تو جائز ہے اسلیے کہ عمل اگرچہ معلوم نہین مگر مثل نوکری وغیرہ
جسکا ذکر اجارہ مین ہو گیا ہے خراج و شرکت مین زمین کا قابل زراعت ہونا شرط ہے اور اجارہ مین
اگر یہ شرط ہو کہ جو نفع چاہو حاصل کرو تو قابلیت شرط نہین تہبا اور سرو وغیرہ کا اجارہ صحیح ہے
اور شرکت باطل ہے عاقدین کو عذر صحیح پیش آئے تو صرف عقد سے مجبور نہین ہو سکتا ہے
صاحب زمین قبل تخم ریزی کے مانع ہو تو مزارع کو اجرت مثل درستی وغیرہ کی دلائی جاویگی
اور تخم ریزی عقد لازم اور مالک زمین مجبور یا ضامن نقصان مزارع ہوگا

خاتمۃ الطبع الحمد للہ ناچیز فتح محمد تائب نے نقل تصنیف مگر اکابر کی کم التفاتی اور زمانہ کے انقلاب
حوادث کے وقوع معاملات کی کثرت نے ادہر آمادہ کیا کہ ایک پیارا رسالہ اردو جمع کر دیا جاوے جس سے ہر مسلمان مالی
معاملات مین حکم حلال و حرام جان سکے اسلیے کہ بہت ایسی صورتین پیدا ہو گئی ہین جنکا نام و نشان بھی کتب سابق مین نہ تھا
احکام کا کیا ذکر عموماً اہل اسلام سمجھ جاتے ہین کہ شاید وہ بالکل آزاد اور خود مختار ہین معاملات کا مدار
صرف عقل پر ہے ہر قسم کے معاملہ ہر طرح کے تصرف صرف عقل کی اجازت سے کر سکتے ہین بندہ نے حقتعالی سے
بکمال عجز و خلوص اس بارہ مین توفیق طلب کی اور ہر مقام پر قرآن و حدیث کی رعایت و اصول ائمہ کرام
کا اتباع رہبر قرار دیا الحمد للہ کہ یہ آرزو پوری ہوئی اور کتاب چھپ گئی حقتعالی اسکو مقبول فرماوے **ملحوظات**
۱ نئی اور پیچیدہ مسائل بالقصد لکھے ہین اور مشہور مسائل کا بہت کم ذکر ہے ۲ مصرح مسائل مین اپنی رائے کو کسی مقام پر
دخل دیا ہے جہان علت و ضرورت ملحوظ مین تغیر پایا گیا ۳ باتباع قواعد شرعیہ وسعت تجارت و منفعت کا
اہل اسلام کا زیادہ لحاظ رکھا گیا ہے ۴ جن مسائل مین عدم جواز اور جواز دونو تاویلین ممکن ہین اور
سلف سے کوئی تصریح نہ تھی وہان برعایت اصول و استنباط اہل علم تاویل جواز کو مقدم رکھا ہے ۵ مذہب
مختار امام المسلمین حضرت ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے موافق یہہ رسالہ لکھا گیا **معذرت** حوالہ کتب مین
سہو ہوئے ہین دقتین رہینگی ۱ کہین شامی کی جگہہ در مختار اور رد المحتار کے جگہہ شامی لکھدیا گیا ۲
صفحہ اور باب کا ذکر نہین کیا گیا ۳ اکثر مسائل بطور ماخذ لکھے گئے ہین اور بعض مقام دوسرے ابواب سے
استنباطاً نقل کیے گئے **التماس** چونکہ خاص غرض اس کتاب کی یہی ہے کہ تمام مسلمان معاملات ۔۔۔

۴ چھوٹ گئے ہین ۵ فلان مقام پر غلطی ہوئی ہے تاکہ بوقت طبع ثانی جو غالباً اسی سال مین ہوگی یہہ نقصانات نکال ڈالے جاوین ع والسلام المشتہر فتح محمد تائب مہتمم مطبع مدرسہ رفاہ المسلمین لکھنو

کتب خانه آصفیه سرکار عالی حیدرآباد دکن

۷۳۴۴

از فن ۳۰

نمبر داخله

تاریخ داخله آخر ابان سنه ۱۳۲۱ ف

نام کتاب تطهیر الاموال

فن کتاب

نمبر کتاب در فن مذکور